ఆర్థిక మాంద్యం రేపు పోతోందా అంటే అదీ లేదు. అది ఎప్పుడు పోతుందో ఎవరికీ తెలియదు. షావుకారు పరిస్థితి అలాగే ఉంది. రైతులు పరిస్థితి అలాగే వుంది. షావుకారు వద్దకు వెళ్ళి అడిగితే వ్యాపారం డౌన్ అయిపోయిందని అంటాడు. ఈ ఆర్థిక మాంద్యం, వ్యాపారాల్ప పడిపోవటం, ఇవి ఎప్పటికి పోతాయి? ఐదారు మాసాలకైనా లేక సంవత్సరానికైనా బాగుపడుతుందనే అవకాశం ఉందా, అంటే అదీ మనకు తెలియదు. అంతా అయోమయంగా గందరగోళంగా ఉంది. మన ఆర్థిక పరిస్థితి సన్నగిల్లటానికి కారణం ఏమంటే, మన దేశంలోని వ్యాపారం విదేశీ పెట్టుబడీదారుల చేతులలో వుండి, మన డబ్బు అంతా విదేశాలకు పోతోంది. విదేశ వ్యాపారస్తులకు, మన వ్యాపారస్తులకు, పెద్ద వ్యాపార సంస్థలకు, చిన్న వ్యాపార సంస్థలకు చివరికి పెద్ద కార్ఖానాదారులకు చిన్న కార్ఖానాదారులకు మధ్య కూడా పోటీలుఏర్పడి మన వ్యాపార మంతా నష్టపడింది. మన దేశంలోని పెద్ద పెద్ద పరిశ్రమలన్నీ బ్రిటిష్ పెట్టుబడీదారుల చేతులలో, ఉండటంచేత నూటికి ఎనభైవంతుల డబ్బు, అంటే ఏటా ౧౫౦ కోట్ల రూపాయలు ఇంగ్లండ్‌కు పోవటంచేత మనకు ఆర్థికమాంద్యం ఏర్పడింది. ఏటా అంతడబ్బు విదేశాలకు పోవటంచేత దాని భారమంతా మన రైతాంగంమీద, మన షావుకార్లమీద పడుతోంది.

مسٹر چیرمین :— آپ ریلیونٹ تقریر کیجئے -

شری جے - آنندراؤ :— جی ہاں میں ریلیونٹ ہی کہہ رہا ہوں -

అయితే యీ విధంగా ఒకదానికొకటి సంబంధించి ఉంది. ఇప్పుడు దేశంలో ఆర్థిక పరిస్థితి అంతా అగమ్యగోచరంగా, గందరగోళంగా వుంది. మన విదేశీ వ్యాపారములో ఎక్కువ ఎగుమతి పన్నును వేయటానికి మనకు ధైర్యంలేదు. అందుచేత మన వ్యాపారం అంతా డౌన్ అయింది. మనకు కొనుగోలు శక్తి లేకుండా పోయింది. భూముల ధరలు పడిపోతున్నాయి. ఈ విధంగా రైతులకు నష్టం వస్తుంది. వ్యాపారస్తులకు, ఇతర వర్గాలకు ఇదే విధంగా సంబంధాల వచ్చి, ఆర్థిక మాంద్యం దిన దినము పెరిగి పోతోంది. దిన దినము పెరుగుతూన్న ఆర్థిక మాంద్యం మును పోగొట్టేది ఎట్లా? అది చాలా పెద్ద సమస్య. ఆర్థిక మాంద్యమును పోగొట్టే దానిని గురించి మాట్లాడడం అది వేరేవిషయం. అంచేత రేపు ఈ ఆర్థిక మాంద్యం పోతుందని దానిని తీసివేస్తామని గట్టిగా విశ్వాసంగా, ప్రకటించే పద్ధతిలో ఇప్పుడు లేము. ఇటువంటి పరిస్థితులు ఉన్నప్పుడు, రైతుల స్థితి దిన దినమూ, క్రమేణా క్షీణిస్తున్నప్పుడు, వాళ్ళకు నిర్బంధంగా తప్పనిసరిగా ల్యాండ్ రెవిన్యూకు ౨౫ వంతులు ఇవ్వాలని ఖానూన్ తయారు చేస్తే, వాళ్ళు ఎలా

చెల్లించుకోగలరు? తప్పనిసరిగా ల్యాండు రెవిన్యూకు ౨౫ ఇంతలు చెల్లించాలని, దానిని౧౦ వాయిదాలలో చెల్లించాలని ఒక ఖానూన్ వ్రాసినట్లయితే దానిఫలితంగా రైతులకు విపరీతమైన నష్టం కలుగుతుంది. ఈవిధంగా చెల్లించాలని అంటే, ఇప్పుడు ఎవ్వైతే వారికి సౌకర్యాలు కలుగ జేస్తున్నామని అంటున్నామో, దానికి అర్థం లేకుండా పోతుంది.

సవినయంగా గౌరవసభ్యులతోటి నేను మనవి చేసేదేమంటే, యీ పరిస్థితులను చాలా తీవ్రంగా ఆలోచించవలసి వున్నది. ఇవాళ ధరలు రేపు వుండేటట్లు లేవు. కొనుగోలు శక్తి తగ్గిపోతోంది. నిర్బంధంగా ఖచ్చితంగా ల్యాండ్ రెవిన్యూకి ౨౫ ఇంతలు ఇవ్వాలని చెప్పటం రైతులకు నష్టం కలుగజేసినట్లు అవుతుంది. 25 Per cent of the market value చెల్లించవచ్చుననే సౌకర్యాన్ని రైతులకు ఇవ్వకపోతే వాళ్ళకు అన్యాయము చేసినట్లు అవుతుంది. ఇదివరకు గౌరవ సభ్యులు చెప్పినట్లు, ధరలు పడిపోయి మార్కెట్ వాల్యూ తగ్గుతుందని భయపడి, 25 Per cent of the market value అనే దానిని omit చేశారని తెలుస్తోంది. నేను బందోబస్తు ఎక్కువ వుండబట్టి, ఇవాళ ఉండే మార్కెట్ వాల్యూ రేపు తగ్గుతుందని చెప్పి, ల్యాండ్ రెవిన్యూ మాత్రమే చెల్లించాలని అంటున్నారు. పోనీ, ల్యాండ్ రెవిన్యూ చెల్లించాలన్నా, ల్యాండ్ రెవిన్యూకు ౨౫ ఇంతలని కాకుండా ఆరు ఇంతలని గాని, లేక నాలుగు ఇంతలు అనిగాని పెడితే బాగుటుంది. గౌరవసభ్యులు జీ. శ్రీరాములుగారు ల్యాండ్ రెవిన్యూకు ౫ రెట్లు చెల్లించాలని ఒక సవరణ ప్రతిపాదించారు. నేను దానిని హృదయపూర్వకంగా బలపరుస్తున్నాను. ల్యాండ్ రెవిన్యూకు ఆరు ఇంతలు అని గాని ఎనిమిదిఇంతలు అనిగానీ, ఏదోఒకటి ఒప్పుకోవాలని మంత్రిగారిని కోరుతున్నాను. ఈనాములలోని రైతుల దుర్భర పరిస్థితులను, ఇంతవరకూ ఈనాందార్లకు రైతులకు వున్న సంబంధాలను, ఇదివరకు ఈనాందార్లు అన్యాయంగా రైతులనుండీ భూములు ఆక్రమించుకొని కాజేసిన పరిస్థితులను, ఇప్పుడు అక్కడ ఉన్న వాస్తవ పరిస్థితులను దృష్టిలో పెట్టుకొని, రైతులకు మేలు, న్యాయంకలిగించే విధంగా యీ ఖానూన్ తయారు చేయాల్సి వుంటుంది. ఇప్పుడు నేను సవినయపూర్వకంగా మనవి చేసేదేమంటే, ఎంతఎక్కువగా చేయవచ్చునో అంత ఎక్కువగా, రైతాంగానికి మేలుచేసేవిధంగా యీ ఖానూన్ చేయాలని ప్రార్థిస్తూ ఇంతటితో ముగిస్తున్నాను.

The House then adjourned for recess till Half Past Five of the Clock.

The House re-assembled after recess at Half Past Five of the Clock.

[*Shri B. D. Deshmukh (Chairman) in the Chair*]

شری کے - وی - رنگا ریڈی :- مسٹر اسپیکر سر - ترمیم کی ترمیم میں دیدیا ہوں - اس ترمیم کا اثر بل پر کیا ہوگا وہ بھی میں نے بتا دیا ہے - دفعہ ۶ میں دو قسم کی ترمیات پیش کی گئی ہیں - ایک تو یہ کہ معاوضہ کتنا دینا چاہیئے - ۲۰ گونا زر مالگزاری یا بازاری قیمت کا ۲۵ فیصد - ان دونوں میں سے جو کم ہو وہ دینا چاہیئے یہ ترمیم پیش کی گئی ہے - اور دوسری ترمیم ان چیزوں کو حذف کرنے کے بارے میں ہے - ایک ترمیم

۲۰ کی بجائے ۵ گونا دینے کے بارے میں ہے - بہرحال ان چیزوں کے بارے میں ترمیات ہیں - اس میں شک نہیں کہ ترمیم ٹھیک طور پر نہیں ہے لیکن اعتراض جن بنیادوں پر کیا جارہا ہے اس میں کچھ اصلیت بھی ہے - ہم نے یہ لکھا ہے کہ ۲۰ گونا زر مالگزاری ، لیکن اس میں اس کی صراحت نہیں ہے کہ آیا یہ خشکی اراضیات سے متعلق ہے یا تری اراضیات سے متعلق ہے - خشکی و تری اراضیات کا لحاظ اس میں نہیں کیا گیا ہے - حالانکہ ان دونوں میں بڑا فرق ہوتا ہے - قانون لگانداری میں تقریباً خشکی کا ۱/۳ تری رکھا گیا ہے - جہاں ۲۰ گونہ خشکی میں رکھا گیا ہے تو ۳۲ گونا تری میں رکھا گیا ہے - اوسطاً زیر پارکم ہوتو ۳۲ گونا رکھا گیا ہے - اس اصول کے لحاظ سے ہم نے دفعہ ۶ میں ۲۰ گونا رکھا تھا تری میں ۱/۳ یعنی ۹ گونا رکھیں تو صحیح ہوگا - اس لئے میں نے اب ایک ترمیم پر ترمیم اس مقصد سے پیش کی ہے کہ اس میں سے کچھ انعامدار کو ملیگا اور کچھ سرکار کو ملیگا - دفعہ میں یہ بحث کی گئی ہے کہ اوس سے کتنا لینا چاہیئے - بہرحال جن اغراض کے لئے یہ ترمیم پیش کی گئی ہے وہ اغراض اس ترمیم سے پورے ہوسکتے ہیں . . . .

شری ایل - این - ریڈی :— ۲۰ فیصد بازاری قیمت کو نہ حذف کرنے میں آپ کو کیا اعتراض ہوسکتا ہے ؟

شری کے - وی - رنگاریڈی :— وجہ یہ ہے کہ ان مسائل کا تصفیہ نہیں ہوسکے گا اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مقدمہ بازی ہوگی - کیونکہ ہر شخص کم قیمت دینے پر مائل ہوجائیگا - مالگزاری کا ۲۰ گونا بازاری قیمت سے زیادہ ہے یا بازاری قیمت مالگزاری کے ۲۰ گونا سے زیادہ ہے اس کے بارے میں جھگڑے ہوں گے اور اون کی تحقیقات کرنا پڑیگا - ہمارے اسٹیٹ میں ۲۲ ہزار مواضعات ہیں - اگر ہر موضع میں تین چار انعامات ہوں تو اس لحاظ سے ۵۰-۶۰ ہزار مقدمات رجوع ہوں گے - . . . .

شری ایل - این - ریڈی :— انعامات کی تعداد فی موضع اتنی نہیں ہے -

شری کے - وی - رنگاریڈی :— ۶۰ ہزار سے کم انعامات نہیں ہیں - ایک موضع میں ایک سے زیادہ انعامات ہیں - بہرحال اس طرح مقدمات بازی شروع ہوجائیگی جو ہم نہیں چاہتے ہیں - جہاں کہیں معاوضہ کی ادائی کا سوال آیا ہم نے ایسی صورت اختیار کی کہ جس سے مقدمہ بازی نہ ہونے پائے - مثلاً جہاں زر لگان کے تعین کا مسئلہ آیا ۵ گونا زر مالگزاری مقرر کیا گیا - جہاں قیمت کے تعین کا مسئلہ آیا تری کے لئے ۸ گونا اور خشکی ہو تو ۱۰ گونا رنٹ کا تعین کیا گیا ہے - ٹیننسی ایکٹ میں پہلے یہ الفاظ تھے کہ اتنے گونا زر مالگزاری کا یا بازاری قیمت کا اتنا گونا - دونوں میں سے جو کم ہو - یہ اس میں لکھا گیا تھا - لیکن اس طرح رکھیں اوسکو تو روبعمل لانے میں دشواریاں ہونگی اس لئے ہم نے اس کو ٹیننسی مین سے بھی نکال دیا ہے - ہمارا تجربہ یہ ہے کہ عموماً جب مقدمات بازی ہوتی ہے تو غریب قولداروں کے مقابلہ میں پٹہ دار یا انعامی

اراضیات کی صورت میں انعامدار کامیاب ہوتے ہیں کیونکہ وہ کامیابی کے وسائل رکھتے ہیں۔ اس لئے غریبوں کے فائدہ کے لئے ہم نے یہ رکھا ہے کہ زر مالگزاری کا ۲۰ گونا وغیرہ

شری کے - ایل - نرسمہاراؤ :- ۲۰ فیصد اسسمنٹ (Assessment) ہمارے تعلقہ میں ۵۰ ٹائیمس سے زیادہ ہوتا ہے -

شری کے - وی - رنگاریڈی :- آپ کے تعلقہ میں کیا ہے معلوم نہیں - مرہٹواڑی اور کرناٹک کی تفریق سے میں قیمتیں جانتا ہوں - تھوڑے سے نقصان کے مقابلہ میں زیادہ فائدہ پہنچ رہا ہے تو اس کا خیال رکھنا چاہیئے - اس لئے میں اس تری و خشکی کے تفاوت کو بیان کر نے کے بعد پہلے ۲۰ گونا زر مالگزاری کے مقابلہ میں خشکی کا ایک روپیہ زر مالگزاری ہو تو ۲۰ روپیہ پڑتے ہیں - اور تری کی (۹۰۰) روپیہ فی ایکڑ قیمت ہوتی ہے - خشکی اور تری کا امتیاز نہ کرنے میں ہم سے کچھ غلطی ہوئی ہے اب یہ امتیاز کردیا گیا ہے - اس لئے میں عرض کروں گا کہ میری یہ ترمیم ، ترمیم پر ترمیم کے ساتھ منظور ہونی چاہیئے -

مسٹر چیر من :- کیا آپ کا جو پہلا امنڈمنٹ ہے اس کو بھی رکھنا چاہتے ہیں ؟

شری کے - وی - رنگا ریڈی :- ہاں میرے پہلے امنڈمنٹ کو بھی رکھنا چاہتا ہوں - اور ساتھ ساتھ آخر میں For Dry land or Nine times for wet land کے الفاظ بڑھانا چاہتا ہوں -

Mr. Chairman: The question is:

"(*a*) That in line 4 of sub-clause (2), omit "whether cultivated or not".

"(*b*) That in lines 3, 4 and 5 of sub-clause (3), for "twenty-five times the land revenue or twenty-five per cent of the market value of the land whichever is less" substitute: 'two times the land revenue for wet lands and five times the land revenue for dry lands'."

The motion was negatived.

Mr. Chairman: I shall now put to vote Shri Ananth Reddy's amendment.

"That in lines 3 and 4 of sub-clause (3) for 'twenty-five times the land revenue or twenty-five per cent of the market value of the land whichever is less', substitute: 'ten times the land revenue'.

The motion was negatived.

Mr. Chairman : The question is :

"That in line 6 of sub-clause (1), omit : 'and cultivates personally'."

The motion was negatived.

Mr. Chairman : The question is :

"Omit sub-clauses (2) and (3)".

The motion was negatived.

Mr. Chairman : The question is :

"That in lines 3, 4 and 5 of sub-clause (3), for 'twenty-five times the land revenue or twenty-five per cent of the market value of the land, whichever is less' substitute : 'six times the land revenue'."

The motion was negatived.

Mr. Chairman : The question is :

"That in lines 4 and 5 of sub-clause (3), omit ' or twenty-five per cent of the market value of the land, whichever is less'."

The motion was adopted.

Mr. Speaker : The question is :

"That in sub-clause (3) of clause 6, after the words "25 times the land revenue" insent the words : 'for dry land and 9 times for wet land'.

The motion was adopted.

Mr. Chairman : The question is ;

"That Clause 6, as amended, stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 6, as amended, was added to the Bill.

Clause 7

Shri Katta Ram Reddy (Nalgonda—General): I beg to move :

"That in lines 3 and 4 of sub-clause (1), omit 'as may be left over after the allotment under section 4'."

Mr. Chairman : Amendment moved.

Shri J. Anand Rao : I beg to move :

"That in lines 5 of sub-clause (1) omit 'and cultivates personally'."

Mr. Chairman : Amendment moved.

Shri J. Anand Rao : I beg to move :

"Omit sub-clause (2)".

Mr. Chairman : Amendment moved.

Shri K. V. Ranga Reddy : I beg to move :

"That in lines 3 and 4 of sub-clause (3), omit : ''or forty per cent of the market value of the land, whichever is less'."

Mr. Chairman : Amendment moved. I think it is a consequential amendment.

Shri Gopal Rao Ekbote : Yes.

* شری کٹه رام ریڈی :— مسٹر اسپیکر سر - کلاز (۷) کے سب کلاز (۱) میں میری ایک چھوٹی سی امنڈمنٹ ھے - میں نے پہلے آنریبل موور آف دی بل اور ھاؤز سے یه عرض کرچکاھوں که جہاں کوئی اراضی کسی ٹیننٹ کے قبضه میں ھے انعام ابالیشن کے ساتھ ھی اوس کے نام پٹه هوجانا چاهیئے - اور انعامدار کا جو پریویلیج (Privilege) ھے (میں اوس کے رائٹ کو تسلیم نہیں کرتا) اوس کے چلے جانے کے بعداوس اراضی پر اوس کے قولدار کو اکوپنسی (Occupancy) کا حق ملنا چاهیئے - چنانچه اس غرض کے لئے میں نے یه امنڈمنٹ پیش کیاھے -

"Every protected tenant shall, with effect from the date of vesting, be entitled to be registered as an occupant of such inam lands in his possession as may be left over after the allotment under Section 4...."

اس میں سے :—

"as may be left over after the allotment under Section4".

کے الفاظ اومٹ (Omit) کئیے جائیں - غالباً آنریبل موور آف دی بل ان مباحث کے بعد جو یہاں ہوئے ہیں کنونس (Convince) ہو گئیے ہونگے کہ اکوپنٹ (Occupant) کے رائٹس (Rights) ٹیننٹس کو ملنا چاھیئے - مجھے امید ھے کہ آنریبل ممبر انچارج آف دی بل اس ترمیم کو قبول فرمائینگے -

شری جے - آنند راؤ :— اس دفعہ میں میں نے جو امنڈمنٹ پیش کی ھے وہ یہ ھے کہ الفاظ (and cultivates personally) اومٹ کئیے جائیں - اگر یہاں لفظ " اینڈ " (and) کی بجائے " آر " (or) ھوتا تو بجا قرار دیا جاسکتا تھا - لیکن وہ صورت یہاں نہیں ھے - اس کے پیشتر ایک دوسری کلاز کے سلسلہ میں کافی بحث کی گئی ھے - مجھے اس سلسلہ میں زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں ھے - جب ساڑھے چار گونا فیملی ہولڈنگ انعامدار کے قبضہ میں آپ چھوڑ رہے ھیں تو اس قسم کی رعایت دینا کسی حال مناسب نہیں ھے - دوسری چیز یہ ھے کہ کمپنسیشن کے ضمن میں سب کلاز (۲) اومٹ کرنے کے لئیے میں نے ترمیم پیش کی ھے - جب ہم ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ دے رہے ھیں تو مزید لینڈ کا کمپنسیشن دینا مناسب نہیں اس وجہ سے کہ قولدار پر زیادہ بار ھوگا -

* شری یل - ین - ریڈی :—ہماری جانب سے جو ترمیمات پیش کی گئی ھیں وہ انتہائی واجبی ھیں مگر اوس کا حشر کیا ہونے والا ھے میں جانتا ہوں - کیونکہ اس کے پہلے کے دفعہ میں ہم نے جس اصول کو پیش کیا ھے اوس کو آنریبل موور آف دی بل نے ٹھکرا دیا ھے - ساڑھے چار گونا فیملی ہولڈنگ کے اوپر کی زمینات پر ٹیننٹ کو حقوق ملنے چاھئیں - مگر اس دفعہ میں جو اصول مدون کیا گیا ھے وہ غیر صحیح ھے - ساڑھے چار گونا فیملی ہولڈنگ کے بعد آپ قابضین کو کیسے حقوق دے سکتے ھیں - میں یہ مانتا ہوں کہ قابضین کے مختلف مدارج ھیں - اور اون کے حقوق بھی مختلف ھیں - قابضین قدیم کے حقوق الگ - پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے حقوق الگ - پرمیننٹ ٹیننٹ کے حقوق الگ - اور ٹیننٹ کے حقوق الگ - لیکن جب ایک بار اون کے حقوق کو آپ تسلیم کرتے ھیں تو پھر معاوضہ دئے بغیر اون کی زمین کیسے لے سکتے ھیں ؟ قولداروں کے قبضہ میں جو زمینات ھیں اون پر آپ اون کے حقوق تسلیم کرلیتے ھیں اور پھر اون ھی زمینات کو انعامدار کے نام پٹہ کرنا چاھتے ھیں - اس کا مطلب یہ ھے کہ آپ ٹیننٹس کو ایک ھاتھ سے حقوق دے رہے ھیں اور دوسرے ھاتھ سے چھین رہے ھیں - کیونکہ ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ کے اندر نہ اوس کو پٹہ مل سکتا ھے نہ اوس کے حقوق کی حفاظت ہوسکتی ھے - کیونکہ ٹیننسی ایکٹ کے تحت ریزمپشن کے لئیے کسی کو تین فیملی ہولڈنگ تک اراضی مل سکتی ھے - یہ بھی آپ تسلیم کرتے ھیں اور انعامدار کی بھی آپ حفاظت کرتے ھیں - قولدار اگر اراضی خریدے تو اوس کے

حقوق بھی آپ تسلیم کرتے ہیں اور وہ اراضی جو اوس کے نام پٹہ کئے ہیں یا اوس کے پرسنل کنیوینشن میں دئے ہیں اوس کا بھی آپ معاوضہ دلانا چاہتے ہیں - اور اودھر ہر قولدار کے لئے آپ نے کوئی معاوضہ نہیں رکھا - آپ نے ایک وقت یہ اصول سکھایا تھا کہ جب ایک مرتبہ قابض کے حقوق تسلیم کرلئے گئے ہیں تو پھر بلا معاوضہ اراضی ہم نہیں لے سکتے - اگر نہیں تو وہ کانسٹی ٹیوشن کے خلاف ہوجائیگا - لیکن اوسی اصول کو دوسری صورتوں میں فالو (Follow) نہیں کررہے ہیں - اس واسطے ہم نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اوس کے ذاتی کاشت میں بھی جتنی اراضیات ہوں - ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ تک پٹہ کردی جاسکتی ہیں - یا اگر صرف تین فیملی ہولڈنگ ہیں تو دیڑھ فیملی ہولڈنگ دوسروں سے لینگے - ہمارا کہنا یہ ہے کہ جتنی بھی اراضیات ذاتی کاشت میں ہیں پٹہ کردی جائیں - جو اصول آپ طے کررہے ہیں اوسکے مطابق اوسکے نام سے پٹہ کر دیجائیں - آپ پروٹیکٹڈ ٹیننٹ یا پرمننٹ ٹیننٹ کو بلا معاوضہ زمین نہیں دے رہے ہیں - اون اراضیات پر اوسکے حقوق تسلیم کررہے ہیں اوس صورت میں معاوضہ لیا جارہا ہے - ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر آپ انعامداروں کی جیب بھرنا چاہتے ہیں تو بھردیجئے لیکن غریب کسانوں کی زمین کیوں لینا چاہتے ہیں - اس لئے ہم over and above) the family holdings) اس کو حذف کرنا چاہتے ہیں -

دوسری ترمیم یہ ہے کہ ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ کے اوپر کی اگر کوئی زمین اوسکے قبضہ میں ہے تو اوسکو ہم کمپنسیشن لیکر دینگے یہ اصول کے خلاف ہے - انعامی اراضیات پر کسی کو حق قبضہ رہتا ہے نہ قبضہ مخالفانہ رہتا ہے - وہ نہ قانون شکمیداری میں آتا ہے نہ قانون مالگزاری میں - جب کبھی قابضین کی جانب سے انعامدار کے خلاف درخواست پیش ہوتی ہے تو آپ یہ ہتیار استعمال کرتے ہیں - لیکن دوسروں کے حقوق کی اسیطرح حفاظت نہیں کرتے - ایک طرف آپ یہ کہتے ہیں کہ ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ کی رعایت تو انہیں دینگے - اس سے زیادہ بھی جب ٹیننٹ کیلئے لے رہے ہیں تو آپ انعامدار کو کانسٹی ٹیوشن کی آڑ لیکر معاوضہ دینے کا پراویزن (Provision) نکالتے ہیں - یہ ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے اوپر زمین رکھنے والے لوگ کون ہوتے ہیں - بڑے زمیندار ہی تو ہوتے ہیں - معمولی کاشتکار کیا ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے زیادہ رکھتا ہے - اس طرح آپ چھوٹے لوگوں کا خون چوسکر بڑے لوگوں کا جیب گرم کرنا چاہتے ہیں - ٹیننٹس میں چار فیملی ہولڈنگ سے زیادہ زمین رکھنے والا طبقہ زیادہ سے زیادہ ایک فیصد ہوگا - لیکن آپ مساوات کا نام لیکر انکو اور بڑے زمینداروں کو برابر کھڑا کردیتے ہیں - یہ قطعاً غلط ہے - آپ مساوات کے نام سے دھوکہ دینا چاہتے ہیں - یہ اصول کبھی تسلیم نہیں کیا جاسکتا -

ابھی آنریبل ممبر انچارج آف دی بل نے ایک دلچسپ بحث کی اور امنڈمنٹ بھی منظور کروالیا - خشکی کے لئے رنٹ کا ۲۰ گونا معاوضہ اور تری کے لئے ۹ گونا معاوضہ رکھنے کی وجہ انہوں نے یہ بتلائی کہ اس سے مقدمہ بازی نہ ہو - مقدمہ بازی سے کاشتکار بچیں

کیونکہ وہ بیچارے غریب ہوتے ہیں - آپ اس طرح ہمدردی کرتے ہیں - کاشتکاروں سے ہمدردی کا نام لیکر زمینداروں کی جیب اس طرح بھرنا چاہتے ہیں - ذرا حساب لگائیے یہ کتنی رقم ہوتی ہے - کتنا معاوضہ ہوتا ہے - تری دھارہ ۱۲ روپئے اوسط ہے اس کا ۹ گونا ۱۰۸ ہوتا ہے اس کا ۴ گونا ۴۳۲ روپیے ہوتے ہیں - یعنی آپ تری زمینات کا کم سے کم اتنا معاوضہ لیں گے - اگر منسٹر صاحب کہتے ہیں تو میں اپنی اراضیات ۴۳۲ روپئے کے حساب سے پوری کی پوری دینا چاہتا ہوں - میری ۵۰ ایکر زمین ہے - آج زمینات کا جو بازار میں بھاؤ ہے وہ بھونگیر میں اور مختلف جگہوں پر دو تین سو روپئے ایکر پر آگیا ہے - آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم کاشتکاروں کو مقدمہ بازی سے نجات دلانا چاہتے ہیں - میں آپ کے اس خیال پر آپ کو مبارکباد دیتا ہوں لیکن آپ قابل مبارکباد اس وقت ہوتے جب آپ ۲۰ کی بجائے ۱۰ اور ۹ کی بجائے ۵ رکھتے - خشکی میں ۲۰ گونا ایک تہائی ہوتا ہے - اس کا ایک تہائی ۳۳ء۸ ہوتا ہے آپ کیا رعایت کررہے ہیں - ۸ گونا رکھ سکتے تھے ۳۳ کو بھی آپ چھوڑنا نہیں چاہتے - آپ نے قانون قولداری میں ایک قیمت مقرر کی ہے - وہاں یہ ہے کہ ۲۴ گونا زر مالگزاری سے زیادہ نہ ہوگا - اس کے حساب سے یہ ۱/۳ زیادہ ہوتا ہے یا نہیں دیکھ لیجئے - آپ نے پہلے اس کو تسلیم کر لیا تھا کہ ۲۰ فیصد یا زر مالگزاری کے ملٹیپل دونوں میں سے جو کم ہوگا وہ دیں گے - آج ۲۰ فیصد کہیں نہیں آتا - ۲۰ فیصد سے بڑھ جاتا ہے - اور کسی جگہ ۳۳ فیصد کسی جگہ ۵۰ فیصد ہے - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ ترمیم کس کے حق میں ہے - اس لئے آپ ملٹیپلس میں ۹ کی بجائے ۵ رکھتے ایسی صورت میں یہ سمجھا جاسکتا تھا کہ آپ کاشتکار سے ہمدردی کر رہے ہیں - آپ انعامدار کو ۲۰ فیصد سے زیادہ دلانا چاہتے ہیں - اس لئے ۹ گونا مالگزاری رکھے ہیں -

ایک اور چیز مجھے عرض کرنا ہے کہ یہاں بازاری قیمت کی ۴۰ فیصد کی شرط بھی نکال دی گئی ہے - ابھی آنریبل ممبر انچارج آف دی بل کیا امنڈ منٹ پیش کرنے والے ہیں ہمیں تو اس کا علم نہیں ہوسکتا - اگر اس کے ساتھ ہی امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ پیش کردیتے تو ہمیں اظہار خیال کا کافی موقع ملتا - آپ آخری وقت میں امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ لائیں گے ......

مسٹر چیر من :- امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ کی نوٹس دی جاچکی ہے وہ میرے پاس آچکا ہے - I think it is a consequential amendment.

Shri Gopal Rao Ekbote : It is a consequential amendment to a certain extent, but it can be treated as an amendment to an amendment.

Mr. Chairman : It will be taken as a consequential amendment. Anyhow for the information of the House, I will read the amendment :

"In sub-clause (3) of Clause 7 after the words "40 times the land revenue", insert the words : "For dry land and 13 times for wet lands".

شری ایل - این - ریڈی :- محفوظ قولدار کی شکل میں بھی آپ نے ترمیم پیش کی ہے- آپ زر مالگزاری کا ۴۰ گونا برقرار رکھے ہیں- آج خشکی اراضی کی بازاری قیمت ۱۰۰ روپیہ نہیں ہے- ۷۵ روپئے ۵۰ روپئے فی ایکر کے حساب سے آپ جتنی اراضی چاہیں میں دلانے کے لئے تیار ہوں ان کے لئے بھی آپ ۳۵ گونا ۵۰ گونا ۴۰ گونا مقرر کر رہے ہیں- یہ اس مسودہ قانون میں بتلائے ہوئے اصول کے خلاف ہے - اس لئے ۴۰ گونا کی بجائے ۲۵ گونا رکھا جائے تو آسانی ہوگی اور کاشتکاروں کے لئے فائدہ کا باعث ہوگا- آپ لینڈ ریوینیو کے ملٹیپل تو کچھ نہیں رکھ رہے ہیں- اس سے خشکی اراضی کی صورت میں کاشتکاروں کے حق میں زیادہ سختی ہے - تری کی صوت میں پہلے ۱۳ گونا یا مارکٹ ویالیوکا ۴۰ فی صد تھا - اب آپ اس کو اڑا دئے ہیں- آج ہمارے پاس دھارا اوسطاً ۱۲ روپئے ہے یکفصلہ کا ۱۸ روپئے بعض جگہ ۲۰ روپیے ہے - اور پھر انعامات میں خالصہ کے مقابلہ میں دھارے زیادہ ہیں - یکفصلہ کے تو یہ دھارے ہیں دو فصلہ کے ظاہر ہے ۱۸ کی بجائے ۲۷ اور ۲۰ کی بجائے ۳۰ روپیے ہو جاتے ہیں - ۳۰ کا ۴۰ گونا ۱۲۰۰ روپئے ہوگا- ۴۰ فیصد رکھنے سے ممکن تھا کچھ کمی ہوجاتی - بہرحال یہ فیگرس تو ہمارے سامنے ابھی آ رہے ہیں - اس لئے میں انہیں پورے طور پر ورک اوٹ (Work-out) کرکے نہیں بتلاسکتا مگر میں یہ ضرور کہوں گا کہ یہ قانون قولداری کے لحاظ سے بڑھ جاتا ہے - آپ ایسی قیمت خرید مقرر کر رہے ہیں جو کاشتکاروں کی قوت حرید سے باہر ہے- اس سے آئندہ اقتصادی پستی اور بڑھ جائے گی - اور ظاہر ہے کہ لوگ یہ علانیہ کہیں گے کہ آپ کی قیمتیں نا واجبی ہیں - اور پھر اپ جلدی سے اس قانون کو پاس بھی کروالینا چاہتے ہیں - دو تین مہینے کے اندر اس کو مکمل کرانا چاہتے ہیں - اگر اس طرح زیادہ معاوضے رکھے جائیں تو ظاہر ہے کہ آئندہ زمینداروں کو اپنی اراضیات کا معاوضہ حاصل کرنے میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا - کاشتکار معاوضے ادا نہیں کر سکیں گے - ان کی جائدادیں ضبط ہوں گی - زمینات ہراج ہوکر ساہوکاروں کے قبضہ میں چلی جائیں گی- ان حالات میں میں آنریبل ممبر انچارج آف دی بل سے یہ عرض کروں گا کہ ہماری ترمیم انتہائی واجبی ہے- یہ کسان کی پے انگ کیپاسٹی (Paying capacity) کے لحاظ سے پیش کی گئی ہے - اگر آپ اپنی تجویز کو میجاریٹی (Majority) کے زور پر پاس بھی کروالیں تو میں کہوں گا کہ کاشتکار ہمیشہ آپ کو لعنت ملامت کرتے رہیں گے- میں منسٹر صاحب سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ ملٹیپلس کاشتکاروں کی پے انگ کیپاسٹی کے لحاظ سے مقرر کئے جائیں - کسانوں کی اقتصادی پستی کو ملحوظ رکھا جائے تو مناسب ہوگا -

Shri Devi Singh Chauhan (Ausa): Mr. Speaker, Sir, I would not like to speak any thing about the payment of compensation to the inamdars, because that is a different question altogether. Therefore, I would not go into the merits or desirability of that matter.

The question here is, how much premium is to be obtained from the tenants of inam lands. I believe, about a year or ten months back, we have passed a legislation wherein we have accepted the principle that some money should be taken as consideration for the patta lands given to the tenants, under the Tenancy and Agricultural Lands Act. That had been provided under Section 38 of that Act. Besides, we have provided for taking some premium from the tenants, or the persons to whom lands would be given, under Section 53 (*c*)—that is, the patta lands obtained from the pattedars in excess of a certain amount. On that occasion, we had no doubt considered the paying capacity of the tenants or the agriculturists. Here, we are going to apply the same principle. An attempt has been made here to raise the question of the paying capacity of the tenants, once again. I think the discussions which we have had some ten months back are quite fresh in our minds, and I think, we need not read over the same arguments again. In this connection, I would merely compare the three Sections, namely, Section 38, Section 53 (*c*) or 53 (*f*) and the present Sections, *i.e.*, Section 6, Section 7 and Section 8 of the Inams Abolition Bill. Under Section 53 (*f*), the compensation or the consideration to be taken from persons to whom lands would be given, is 100 times the land revenue in the case of dry lands and 36 times the land revenue in the case of wet lands served by wells and other irrigation sources....

شری اے۔ راج ریڈی (سلطان آباد) :— وهاں اراضیات ملکیت کے هیں ۔ اور یہاں دوسرے حقوق سے بحث ھے۔

Shri Devi Singh Chauhan: I would request the hon. Member just to wait for a few minutes, when I will come to his point. In the case of the tenants, under Section 38, the consideration to be charged to the persons to whom patta rights are given is 75 times the land revenue in the case of dry lands and 24 times the land revenue in the case of wet lands served by wells, projects and other sources. Here, we are giving the same rights, as we have given under Sectione 38. There, the tenants were of the pattedars, whereas here

they are of the Inamdars. It would, therefore, be quite fair if the hon. Member from Wardhanapet compares these inam tenants with the tenants, as provided in Section 38. I might inform the hon. Member that the compensation or the consideration that we are charging here is a bit less than what has been charged under Section 38. As I submitted earlier, under Section 38, 75 is the multiple charged for dry lands and 24 for wet lands.

Shri L. N. Reddy : Not for all lands; only for certain section of dry lands.

Shri Devi Singh Chauhan : It may be a bit less for chalka land.

Shri L. N. Reddy : There is no black cotton soil in Telangana.

Shri Devi Singh Chauhan : In the case of dry chalka land, 4 times the land revenue is the rent, and 15 times of that works out to 60. So, for dry land in Telangana, it is 60 times and for dry land in Marathwada, it is 75 times.

Here, under the present legislation, there are three categories of tenants, from whom we are taking some consideration. The most badly affected tenant would be the non-protected tenant.

شری اے - راج ریڈی :— آپ جو بتلارہے ھیں میگزیمم کے لئے ھے - وہ زیادہ سے زیادہ بہتر زمین کے لئے ھے -

Shri Devi Singh Chauhan : If the hon. Member would take some trouble and work out the exact price, I am sure, it would be definitely more than the maximum prices quoted in the Section. I throw a challenge to him. Let him work out and then say. I will leave it at that.

The badly affected tenant under the present Bill as I said, is the non-protected tenant, and in his case, the consideration charged is 60 times the land revenue. That would be the maximum in the case of chalka lands, under the Tenancy Act, and 75 times the land revenue in the case of other lands. Here, under Section 8 too, it is 60 times. For wet lands under the Tenancy Act, it is 24 times while under this Bill it is 20 times. So I must say that the consideration which is being

charged under this Inams Abolition Bill is definitely lower than what has been charged under the Tenancy and Agricultural Lands Act.

Shri L. N. Reddy: 40 per cent market price is there:

Shri Devi Singh Chauhan: If we accept the principles enunciated in the Tenancy and Agricultural Lands Act, then, it is quite undesirable, if not unnecessary, to go into these details once again. It would be quite fair and sufficient if we compare these rates with the rates given in Section 38 of the Tenancy Act. I must claim that the rates given in this Bill are definitely lower. There we have 75 times for the dry land and here we have 60 times; therefore, in the same proportion, the consideration for the wet lands, too, would be reduced. In the case of protected tenants, there, the price would be 75 times whereas here, we are simply charging 40 times the land revenue. That, in my opinion, is a great relief. The protected tenant as defined in that Act is the same protected tenant under this Bill. I will go a step further and say that the permanent tenant as defined in the present Bill is far better than the protected tenant as placed in that Act. Here we have defined the permanent tenant as a tenant who has been retaining the possession of his land before June, 1950. We are taking only 25 times the land revenue from him here, whereas he has to pay 75 times there. Under the circumstances, the rates which have been prescribed here are more advantageous to the tenants of the inam lands. So, I am at a loss to understand why there should be any ground for complaint or any sort of adverse criticism.

With these few words, I should like to express my hope and trust that the amendments which have been moved by the Opposition Members will be withdrawn.

* شری اے - راج ریڈی —: مسٹر اسپیکر سر - کلاز (۷) اور دوسری کلازس دیکھنے سے ہمیں یہ معلوم ہوا کہ حکومت نے بہت دریا دلی سے معاوضہ دینے کا پراویژن اس بل میں رکھا ہے - میں غور کرنے لگا کہ، آخر اتنی دریادلی کیوں بتلائی جارہی ہے - اس بات پر غور کرنے سے معلوم ہوا کہ اگر کسی کے پاس ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے زیادہ زمین ہو تو یہ زائد زمین لیتے وقت اس طرح معاوضہ دیا جائیگا - ابتک یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ انعام میں نہ صرف انعامدار کا حق ہے بلکہ اسکے پروٹیکٹڈ ٹیننٹ کا بھی اسپر حق ہے - پرمیننٹ ٹیننٹ کا بھی حق ہے نان پروٹیکٹڈ ٹیننٹ کا بھی حق ہے - بہر حال جس نے بھی اس پر کاشت کیا ہو اس پر وہ حق رکھتا ہے - دفعہ (۴) میں یہ رکھا

گیا ہے کہ اگر انعامدار کے پاس زمین کی مقررہ مقدار نہ ہوتو اس کمی کو قابضین کے پاس سے اراضی لیکر پورا کیا جائے گا۔ ایسی صورت میں اس اراضی پر سے قابضین کے حقوق ختم ہوجاتے ہیں۔ ایک مسودہ قانون میں تمام اصول یکساں ہونے چاہئیں۔ گورنمنٹ ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے زائد اراضی معاوضہ دیکر لےلیتی ہے۔ لیکن قابض کے پاس تین فیملی ہولڈنگ برابر کردینے کے لئے یہ سوال کیوں پیدا نہیں ہوتا۔ جب کمی پورا کرنے کا سوال آتا ہے تو بڑے لوگوں کے ساتھ لازماً چھوٹے کاشتکاروں کا سوال بھی آئیگا۔ چھوٹے لوگوں سے تو زمین چھیننے میں آپ کوئی ہرج نہیں سمجھتے لیکن جب بڑے لوگوں کا سوال آتا ہے تو معاوضہ کا سوال بھی پیدا ہوتا ہے۔ دفعہ(۴) میں جب اسکو ۳ فیملی ہولڈنگ تک پہنچانے کیلئے زمین لیتے ہیں تو اس وقت اسکو کیوں معاوضہ نہیں دیا جاتا۔ ایک تلگو مثل ہے کہ 'దొంగ్ల కు సద్దితే లంకలాలకు దిగుతుంది.' ہم اپنی ترمیمات آپ کے مسودہ قانون کے لحاظ سے پیش کئے تھے۔ لیکن عین وقت پر اس میں ترمیمات پیش کردی جاکر مسودہ قانون کو اور زیادہ بدتر بنادیا گیا۔ جس بل کو سونچ بچار کر سامنے لایا گیا ہے اسمیں آئندہ موقع پر یہ کرنا پڑیگا کہ کچھ نکالیں اور کچھ بڑھائیں اور اس سے بدتر شکل میں پیش کریں اور ڈیفینیشن (Definition) میں اپوزیشن کے ممبروں کو ڈالدیں۔ جو بحث ہونی چاہئے وہ تو نہیں ہوتی ہے۔ آپ جو بہتر سمجھتے ہیں وہی رکھو کہنے کی نوبت آگئی ہے۔ ٹیننسی کے اصولوں کو یہاں لانے کی کوشش کیگئی ہے۔ یہ بتایا جارہا ہے۔لائیے۔ جسکو ہم نے تین فیملی ہولڈنگ بنانے کی کوشش کی ہے اوسی طرح پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کا جہاں تک تعلق ہے اوسی طرح نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے متعلق کیا جاسکتا ہے۔لیکن اوس میں اور اس میں بنیادی فرق ہے۔ جو فرق ہے وہ بدلنا نہیں چاہئے۔ ایک آنریبل ممبر نے کچھ اعداد و شمار لاکر پڑھکر سنائے۔ لیکن اوس سے پہلے یہ غور کرنے کے لائق تھا کہ ۳ ۵ ۔ الف کے تحت جو معاوضہ دے رہے ہیں وہ کون دے رہے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اسمبلی میں بیٹھکر ہم کچھ طے کردے سکتے ہیں ۔ لیکن ہمیں کیا کیا دیکھنا چاہئے یہ دوسرا سوال ہے ۔ اس بل کا جو پس منظر ہے اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ انعامدار اکثر ایسے ہیں جنکو بڑے بڑے لینڈ لارڈ یا دیشمکھ زمینات دے دئے ہیں ۔ ہزاروں ایکر انکے قبضے میں تھے۔ وہ بڑے بڑے لوگ تھے وہ خود تھوڑی سی زمین پر کاشت کرتے ہیں اور مالک بنے بیٹھے ہیں۔ یہ لوگ سماج پر اپنا اثر رکھتے ہیں۔ جب انعام ابالیشن ایکٹ (Inam Abolition Act) آیا تو یہ رقومات ہم کو کیوں نہیں ملنا چاہئے یہ انکا خیال ہے۔ مجھے یہ محسوس ہوتا ہے ۔ انعامی اراضیات کے تعلق سے ہمیں یہ غور کرنا چاہئے کہ آیا انعامداروں کے حقوق اراضیات انعامی پر زمین کے تعلق سے ہیں یا انکم (Income) یا پیدوار کے تعلق سے ۔ یہ ایک مستقل سوال ہے۔ انعامداروں کے تعلق سے آپ نے اراضیات انعامی کا کچھ نہ کچھ معاوضہ مقرر کرنے کی کوشش کی ہے وہ ایک الگ سوال ہے جو اپنی جگہ پر ہے ۔ لیکن تولداروں اور قابضین کا قبضہ ہے اس لئے معاوضہ دینا ضروری ہے یہ صحیح نہیں ہے ۔ دستور کی رو سے واجبی نہیں ہے ۔ میجاریٹی ووٹ

(Majority vote) سے ظاہر ہے کہ آپ جو چاہیں گے پاس کرلیں گے ۔ کیونکہ قانون کو تو عام طور پر لوگ نہیں سمجھتے ہیں وہ اس وقت تو اسکو قبول کرلینگے لیکن بعد میں اوسکے اثرات جب لوگوں پر پڑینگے اور جو بوجھ لوگوں پر پڑیگا تو اوس وقت اوس طرف کے آنریبل ممبرس محسوس کرینگے کہ ہم نے کیا کیا ۔ اونکے حقوق پر اوس وقت غور کرنا پڑیگا ۔ خود آنریبل منسٹر انچارج نے بتایا ہے کہ ہم نے مارکٹ ویالیو (Market value) کا خیال نہیں رکھا ہے ۔ آپکی قیمت کی بنیاد رنٹ ہے ۔ مارکٹ ویالیو اور انفلیشن (Inflation) کا سوال پیدا ہوتا ہے اسلئے اسکو بیالنس کرنے کیلئے یہ رکھا گیا ہے ۔ ہمارے سامنے گذشتہ سال یہ مسئلہ نہیں تھا کہ اتنی جلد مارکٹ ویالیو گرجائیگی ۔ لیکن ایک سال کے بعد ہم نے دیکھ لیا کہ کسان کس قدر مشکلات میں مبتلا ہوگئے اور آئندہ اسکی کیا حالت ہونیوالی ہے ۔ اس کا ہمیں اندازہ نہیں ہے ۔ تو یہ صورت حال اس وقت ہے ۔ مارکٹ ویالیو کو بیالنس اس لئے رکھا جاتا ہے کہ ہر حالت میں جیسا کہ آپ کہتے ہیں ملٹیپل سے مارکٹ ویالیو ظاہر ہے کہ کچھ زیادہ ہوتی ہے ۔ ایسی صورت میں ٹیننٹ اپنے فائدہ کی چیز چنے گا ۔ وچھایورازلس (Whichever is less) وہ اپنے فائدہ کی چیز لے گا ۔ لیکن اس سال یا آئندہ سال وہ اسکا فائدہ اٹھائیگا ۔ وہ کہے گا کہ قیمتیں گررہی ہیں یہ کہکر انصاف چاہے گا ۔ مقدمہ بازی کے متعلق کہا گیا کہ اوس سے بچنے کے لئے ایسا کیا گیا ہے ۔ لیکن مقدمہ بازی ہر صورت میں ہونا لازمی نہیں ہے ۔ مقدمہ بازی کا جو تذکرہ کیا گیا ہے میں کہونگا کہ یہ صحیح نہیں ہے ۔ آپکے استدلال میں کوئی وزن نہیں ہے ۔

سکشن ۶ و ۷ میں یہ ہے کہ ساڑھے چار فیملی ہولڈنگ سے زائد جو اراضی قابض کے قبضہ میں ہوگی معاوضہ دیکر وہ زمین گورنمنٹ لینا چاہتی ہے ۔ اوس پر انعامدار کو کوئی حق ہے یا نہیں میں یہ بتانا چاہتا ہوں ۔ جملہ اراضیات انعامی پر اس کو ایک پارشیلی رائٹ (Partially right) ہوتا ہے اس کو تسلیم کرکے ہی آپ کامپنسیشن کا سوال لا رہے ہیں اور قابض کو آپ معاوضہ ادا کررہے ہیں ۔ اب سوال یہ ہے کہ ان اراضیات کے تعلق سے انعامدار کو حق ہے یا نہیں ۔ اس مسئلہ کے تعلق سے میں سمجھتا ہوں کہ سکشن ۱۲ میں کہیں بھی اس کا ریفرنس (Reference) نہیں ہے ۔ کچھ میں ایسا سن رہا ہوں کہ ایسی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں کہ یوں توں کرکے نصفا نصف دینا چاہتے ہیں وغیرہ ۔ اس لحاظ سے آپ اودھر سے جو ترمیم پیش کر رہے ہیں اوسکی رو سے میں سمجھتا ہوں کہ بل کو ایک بدتر شکل میں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ ادھر سے جو ترمیم پیش کی گئی ہے وہ اصولی طور پر پیش کی گئی ہے ۔ قابض کے تعلق سے معاوضہ دینے کا تصور غلط ہے ۔ نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کو اس کا معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہے ۔ جس نقطہ نظر سے زمینات کی وہ رجسٹری کررہے ہیں اس پر سوچا جا سکتا ہے ۔ ٹیننسی ایکٹ کا حوالہ دیکر یہاں بتانے کی کوشش کی گئی ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اون اصولوں کو ہم نے کب مانا ہے ۔ ان چیزوں کا حوالہ دینے سے فائدہ نہیں کیونکہ یہ مسودہ الگ بنیادوں پر ہے ۔

مارکٹ ویالیو (Market value) کے گرجانے کی وجہ سے ایک نئے سنکھٹ میں ہم گرفتار ہونے والے ہیں - ان تمام چیزوں کا خیال رکھتے ہوئے میں کہوں گا کہ ''وچھ ایزر از لس،، رکھیں تو اس سے کوئی مشکلات پیدا ہونے والے نہیں ہیں - اس لحاظ سے میں کہوں گا کہ اس طرف سے جو ترمیمات پیش کی گئی ہیں ان کو منظور کرنا چاہئے - اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

شری کے- وینکٹ رام راؤ :- مسٹر اسپیکر سر- یہاں پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے تعلق سے ٹیننسی ایکٹ کا مقابلہ کرکے بتایاجارہا ہے کہ ٹیننسی ایکٹ سے بڑھکر اس قانون کے ذریعہ ہم بہت سی سہولتیں کسانوں کو دے رہے ہیں - اس سلسلہ میں مجھے بھی ٹیننسی ایکٹ کے بعض دفعات کی طرف اشارہ کرنے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے - ٹیننسی ایکٹ میں ہم نے تسلیم کرلیا ہے کہ جتنے محفوظ قولدار ہیں ان کے حقوق ۶۰ فیصد ہیں اور مالک اراضی کے حقوق ۴۰ فیصد ہیں - اب دفعہ ۷ کے لحاظ سے محفوظ قولدار کے جو ۶۰ فیصد حقوق ہیں ان کا حشر کیا ہو رہا ہے - اس بارے میں جو ترمیم آئی ہے چھوٹے چھوٹے محفوظ قولدار اس کی رو سے ختم ہو جاتے ہیں - دفعہ ۴ کی رو سے اراضیات کے رجسٹریشن کے لئے ریزمپشن کا لزوم کردیا گیا ہے - یہ قانون ۴۰۵ صفحات کا ہمارے پاس آیا ہے- اس کے لحاظ سے ہر انعامدار کو اپنے نام پر پٹہ کرنے کا جو اختیار ہے اوس کو اکسرسائیز (Exercise) کریں گے - جتنے قولدار ہیں ان کے پوزیشن میں ڈسٹرب (Disturb) ہونے کا سوال نہیں ہے - ان کا قبضہ بحال رہتا تھا - لیکن دفعہ ۴ میں اس ترمیم کے لحاظ سے '' ایک مار میں دو پرندے گرے ،، کے مصداق عمل ہوگا - جیسا کہ میں عرض کر رہا تھا کہ ٹیننسی ایکٹ کے تحت ہم نے اس اصول کو تسلیم کیا ہے کہ ۶۰ فیصد حقوق قولدار کے ہیں - اب ان حقوق کا جو بنڈل بنا رہے ہیں اس کی رو سے چھوٹے چھوٹے ٹیننٹس ختم ہو جائیں گے - کہا جا رہا ہے کہ جتنے انعامداروں کے رائٹس ہیں وہ اس انعام ابالیشن ایکٹ کے ذریعہ ختم ہو جائیں گے - یہ انعامات کو ابالش کرنے کا بل نہیں ہے بلکہ انعامی اراضیات پر جو قولدار ہیں اون کے رائٹس کو ابالش کرنے کا بل ہے - یہاں یہ بتانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ہم نے قیمتوں کا معیار کم رکھا ہے - میں کہونگا کہ جو چھوٹے چھوٹے کاشتکار ہیں وہ تو ختم ہو گئے اب رہے انعامداروں کے مقابلہ میں کھڑے رہنے والے کسان - اون کو بھی آپ کیا کنسیشن دے رہے ہیں - کوئی پروٹکٹیڈ ٹیننٹ ایک فیملی ہولڈنگ تک اراضی خرید سکتا تھا لیکن وہ زیادہ سے زیادہ قیمت پرھی خرید سکتا ہے - اس طرح گویا کسانوں اور محفوظ قولداروں کو جو پروٹکشن دیا گیا تھا وہ بھی اس بل کے ذریعہ برخاست کیا جا رہا ہے - ٹیننسی ایکٹ کے ضمن میں ھی ہم نے کہا تھا کہ کسانوں اور قولداروں کو کوئی پروٹکشن نہیں ہے اور اب تو انعام ابالیشن بل کی بدولت رہا سہا پروٹیکشن بھی ختم ہو رہا ہے - یہ بات بھی قابل غور ہے کہ یہ جو امنڈمنٹ آنریبل موور کی جانب سے پیش ہوئی ہے وہ بلا کسی پلان (Plan) کے آئی ہے - اس بل سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ اس بل کو آج کے حالات سے

کوئی تطابق نہیں ہے - پروٹیکٹیڈ ٹیننٹس نے اب تک ھی جو اراضیات خریدے ھیں
اون کے لئے محکمہ سرکار کی منظوری کی ضرورت تھی لیکن منظوری نہ ملنے کی وجہ سے
تمام کارروائیاں پنڈنگ (Pending) میں پڑی ہوئی ہیں - اس لئے میں یہ کہونگا
کہ جب آپ ایک قانون بنا رہے ھیں تو مختلف کیٹیگوریز (Categories) کے ساتھ
انصاف ھونا ضروری ہے - لیکن ایسی کوئی چیز آپ نہیں رکھ رہے ھیں - اس قانون کے
لحاظ سے (۴۰) پرسنٹ فٹ ریٹ (Foot rate) ھر شخص کو ادا کرنے کی
نوبت آ رھی ہے - ایسے قولداروں کے متعلق آپ نے کیا سوچا تری اور خشکی اراضیات میں
ڈفرنشیٹ (Differentiate) کرنے سے کوئی فائدہ نہیں بلکہ انعامداروں سے
تعلق رکھنے والے کسان ھیں اور جو مختلف کیٹیگوریز کے کسان ھیں اون کو ایک ھی لکڑی
سے نہیں ھانکنا چاھئے - اس لئے میں آنریبل موور آف دی بل کو کسانوں کی مختلف
کیٹیگوریز کی طرف متوجہ کرتے ہوے اپنی تقریر ختم کروں گا -

*श्री. वीरेंद्र पाटील (आलंद) :—स्पीकर सर, अिनामी आराजी पर काबिज होने के लिये फेमिली होल्डिंग के साढे चार गुना मुआवजा देना पडेगा और अुनको प्रीमियम वगैरा किस तरह से चार्ज किया जायेगा अिसके बारे में अिस क्लाज ७ में बताया गया है, और अुस पर बहस हो रही है। अिसके कबल अिसके तालुक से बहस हो रही थी तो अपोजिशन बेंचेस से अिस पर बहुत बहुत जोर दिया गया था कि जो मल्टीपल आयद किया गया है वह ड्राय या वेट लैंड वगैरा का लिहाज किये बगैर मसावी तौर पर किया जा रहा है और हमारे यहां संगीन धारा है अुसका लिहाज नहीं किया गया। आनरेबल मूव्हर आफ दिबिल ने महसूस किया और अिस पर नजरसानी करना जरूरी समझा और अुसके बाद अेक अमेंडमेंट लाअी। जिसकी वजह से वेट लैंड में ५० परसेंट कमी हुअी लेकिन अपोजिशन की तरफ से क्रिटीसीजम में कोअी तबदीली में नहीं पा रहा हूं। अुनकी मुखालिफत जैसे पहले थी आज भी वैसी ही है। हमने आज १३ टाअिम्स लिया है तो वे अुससे कम चाहते हैं। अगर हम १० टाअिम्स लेते तो वे कहते कि ६ टाअिम्स लेना चाहिये। अगर ६ टाअिम्स लेते तो वे कहते कि ४ टाअिम्स लेना चाहिये, चार टाअिम्स लेते तो वे कहते कि २ टाअिम्स लेना चाहिये और अगर २ टाअिम्स लेते तो वे कहते कि हाफ टाअिम्स लेना चाहिये। अिस तरह से मुखालिफत की जाय तो बडी मुश्किल है।

अिसके बाद अिनामी आराजियात पर अिनामदारों के जो हुकूक हैं अुनके बारे में भी अुनके विचारों में गलतफहमी है। अुनका कहना है कि अिनामी आराजियात पर अिनामदारों के बहुत ही मामूली हक होते हैं, अिसलिये अुनको काम्पेनसेशन अगर देना ही है तो या तो मुतलक नहीं देना चाहिये, या बिलकुल नामिनल तौरपर देना चहिये। अिनामी अराजियात में जितने भी पट्टेदार होते हैं अुनको मामूली पट्टे की अराजियात में जितने हक होते हैं, अुससे बेहतर हक होते हैं, यह मैं बता सकता हूं।

[*Mr. Deputy Speaker in the Chair*]

अिनामदार और पट्टेदार का मुकाबला करेंगे तो मालूम होगा कि पट्टेदार की पट्टे की अराजियात अुस वक्त तक मुस्तफीद हो सकती हैं जब तक कि वह गव्हर्नमेंट की माल गुजारी अदा

करता है, लेकिन यह अिनामदार के लिये नहीं है। अिनामदार अपने हक़ते गव्हर्नमेंट को अेक पाओी भी न देते हुअे मुस्तफीद हो सकता है। काश्त के लिहाज से भी अिनामदार गव्हर्नमेंट से कह सकता है कि मैं अिस अिनाम को बहाल नहीं रखाना चाहता, सिर्फ पट्टेदार बनना चाहता हूं, तो अुसको रोका नहीं जा सकता और जैसे हो वह मालगुजारी अदा करता है और पट्टेदार बन जाता है। अिस लिहाज से यह कहना कि अिनामी आराजियत पर कोओी हुकूक हासिल नहीं होते, अगर होते हैं तो मामूली हैं, अिसलिये काम्पेन्सेशन मुतलक नहीं देना चाहिये तो यह बहस बिल्कुल गलत है। कान्स्टीटयूशन के लिहाज से अुनको काम्पेनसेशन देना ही पडता है।

टेनन्सी अैक्ट के मुतालक हमने चंद महीने बहस की ओर प्रोटेक्टेड टेनन्ट और नॉन प्रोटेक्टेड टेनन्ट की हैसीयत क्या है, क्या नहीं, अुनको कितना मुआवजा देना चाहिये वगैरा बहुत सी बातों पर विचार किया। मुमकिन है कि अिनामदार और पट्टेदार की हैसियत में फर्क हो, लेकिन प्रोटेक्टेड टेनंट की हैसियत से अिनाम अराजी का टेनंट और मालगुजारी अराजी का टेनंट अिनके टेनंसी के राअिटस में क्या कोओी फर्क हो सकता है ? क्या अिन दोनों पट्टेदारों को टेनंसी के हक मसावी नहीं हैं ? दोनों को मसावी हक हैं। मालगुजारी अराजी पर जो टेनंट है अुसको पट्टा हासिल करने के लिये ड्राय लैंड पर ७५ टाअिम्स लैंड रेवेन्यू के देना पडता है। लेकिन अिस कानून में अिनाम अराजी पर अगर कोओी टेनंट है तो अुसको ४० टाअिम्स देना पडता है। अगर कोओी पट्टेदार जो मालगुजारी अराजी पर काबीज है आपसे पूछे कि मैंने क्या गुनाह किया है कि मुझे ७५ टाअिम्स देना पडे और अुसको सिर्फ ४० टाअिम्स देना पडता है ? मैं भी अुतनी ही मेहनत करता हूं, खून और पसीना बहाता हूं जितना अिनामी लैंड का पट्टेदार या टेनंट बहाता है। दफा ३४ और ३७ के तहत देखें तो अिन दोनों की कोशीश में और मेहनत में कोओी फर्क नहीं है। महज अेक मालगुजारी अराजी पर है, अिसलिये अुसको ७४ टाअिम्स देना पडता है और दूसरा अिनामी अराजी पर है अिसलिये ४० गुना देना पडता है। अगर अिसअनामली के बारे में कोओी पट्टेदार आपसे पुछे कि अैसा फर्क क्यों तो अिसके पास जवाब नहीं है। यह अिनामी अराजी है। गव्हर्नमेंटके अिसके तालुक से कुछ राअिटस हैं। अिसलिये पट्टेदार को जहां-तक मल्टीपल्स का ताल्लुक है काफी हद तक वह कम किये गये हैं। अिसका प्रीमियम चार्ज करते वक्त हमने यही अुसूल रखा था। कान्स्टीटचूशन के लिहाज से काम्पेन्सेशन देना लाजमी है। आपके नजदीक कान्स्टीटयूशन का अिंटरप्रिटेशन कुछ भी हो। आप समझते हों कि अुनको कुछ भी माविजादेने की जरूरत नहीं और बिला मावजा अुनके अिनामात खतम कर सकते हैं। लेकिन हमारा जहां तक कान्स्टीटयूशन का ताल्लुक है हमको काम्पेन्सेशन देना है। काम्पेनसेशन के नाम पर कुछ भी रकम देने से या बहुत कम रकम देने से काम नहीं चलेगा। हमें अुनको फेअर मुआवजा देना पडेगा जोकि मार्केट रेट के करीब हो। अगर मार्केट व्हॅल्यू हजार रुपये होती है और अगर दस रुपये देंगे तो वह माविजा नहीं माना जा सकता। हायकोर्ट और सुप्रीम कोर्ट के जो फैसले हुअे हैं अुनको हम नजर अंदाज नहीं कर सकते। दूसरी बात यह है कि गव्हर्नमेंट यह मुआ-विजा अपनी ट्रेजरी से नहीं देती। प्रोटेक्टेड टेनंट या नॉन प्रोटेक्टेड टेनंट को जो प्रीमियम चार्ज किया जाता है अुसकी रकम में से देती है। सेक्शन १२ को देखें तो अुनको किस तरह काम्पेन्सेशन देना है वह अुसमें साफ है। अगर गवर्नमेंट अपनी ट्रेजरी से कुछ थोडी सी रकम दे और आपके कहने के मुताबिक बिल्कुल माविजा न दें तो यह अैक्ट हायकोर्ट में चैलेंज (Challenge) हो

जायगा और अल्ट्राव्हायर्स (Ultra vires) हो जायेगा। मार्केट रेट के करीब हम को काम्पेन्सेशन देना पडेगा। अिसी अुसूल के पेशेनजर यहां प्रीमियम चार्ज किया गया है। टेनंसी अैक्ट के लिहाज से देखेंगे तो यह काफी हद तक कम है। अभी अेक आनरेबल मेंबर ने कहा कि प्रोटेक्टेड टेनंटस और परमनंट टेनंट को हुकूमत अिजाजत नहीं देती लेकिन अिनामदार को वह अिजाजत देती है। आप अिनामदार और पट्टेदार दोनों को अेक लकडी से हांकना चाहते हैं। प्रोटेक्टेड टेनंट और परमनन्ट टेनंट में कोअी ज्यादा फर्क नहीं होता। प्रोटेक्टेड टेनंट बन सकते हैं बशर्ते कि वह अिनामदार के डाक्यूमेंटस बताये और यकीन दिलाये कि फलां जमीन अुसने खरीद ली है और अिनामदार और अुसके बीच में अैग्रीमेंट (Agreement) हुआ है। परमनंट टेनंट की डेफीनिशन को मुलाहिजा करें तो मालूम होगा कि प्रोटेक्टेड टेनंट परमनंट टेनंट बन सकता है। अिसलिये जो प्रीमियम यहां चार्ज किया गया है वह प्रोटेक्टेड टेनंट को चार्ज किया जायेगा और वह परमनेंट टेनंट की कैटेगरी में आ जायेगा। अिस लिहाज से जो प्रीमियम यहां चार्ज किया गया है वह वाजबी है। अिसलिये अपोजिशन की तरमीमात की मैं मुखालिफत करता हूं।

شری کے ۔ وی ۔ رنگاریڈی :— مسٹر اسپیکر سر ۔ دفعه (۷) میں جسقدر ترمیات پیش کیگئی هیں اون کے متعلق چند بحثیں کیگئی هیں ۔ اگر آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن اس قانون کے دفعه (۴) اور قانون لگانداری کے دفعه (۴۴) اور (۵۳) کو جس میں ٹیننٹ کے لئے معاوضه مقرر کیا گیا پیش نظر رکھتے تو شائد کسی بحث کی نوبت هی نہیں آتی ۔ هم نے کل هی اس قانون کے دفعه (۴) کو منظور کیا هے ۔ اس دفعه کے تحت ساڑھے چار فیملی هولڈنگ اوس کے قبضه میں رکھنے کو تسلیم کیا هے اور ساڑھے چارفیملی هولڈنگ سے زیاده زمین لے لینے کو بھی تسلیم کرلیا هے ۔ اس لئے آنریبل ممبرس نے اس کے بعد بعض الفاظ حذف کرنے کے متعلق جو ترمیم پیش کی هے وه قابل قبول نہیں هوسکتی ۔ جب آپ نے ساڑھے چار فیملی هولڈنگ اون کے قبضه میں رکھنے کو تسلیم کرلیا هے تو باقی سرپلس لینڈ (Surplus land) کے متعلق بھی قانون بنانا لازمی هوجاتا هے ۔ سرپلس لینڈ کے متعلق کیا عمل کیا جانا چاهئے یه آپ کو واضح کرنا هوگا ۔ یه کسی طرح صحیح نہیں هوسکتا که ایک شخص کو تو فاضل زمین کا معاوضه دیا جائے اور دوسرے کو معاوضه نه دیا جائے ۔ ایک صاحب نے یه چیز بڑی شدومد کے ساتھ کہی که تین چار قسم کے جو قولدار هیں اون سب کو دفعه (۴) کے تحت ختم کیا جارها هے ۔ ایسانہیں هے بلکه اون قولداروں کی تقسیم ضروری تھی ۔ اون کے حقوق اور ذمهداریوں کا هم نے تعین کیا هے ۔ یه دو چار چیزیں محض نمائش کے لئے نہیں رکھی گئی هیں بلکه اون کا بھی ایک مقصد هے ۔ قابض قدیم کو اسکی مقبوضه اراضی کے پٹه کرنے کے احکام کے ساتھ بلا معاوضه پٹه کرنے کے احکام اس میں وضع کئے گئے هیں ۔

دوسرے محفوظ لگاندار ۔ مستقل لگاندار اور غیر محفوظ لگاندار ان میں کسی سے ۲۰ گونا کسی سے ۴۰ گونا اور کسی سے ۶۰ گونا پریمیم لینے کے احکام رکھے هیں

اس وجه سے که اونکے حقوق میں بھی فرق ہوتا ہے ۔ اسی تناسب سے ہم نے معاوضه کیلئے بھی رکھا ہے ۔ اگر ان سے زمین لینا ہوتو پہلے غیر محفوظ لگاندار اسکے بعد محفوظ لگاندار اسکے بعد پرمیننٹ ٹیننٹ اور اسکے بعد قابض قدیم سے لینا ایسے مدارج رکھے گئے ہیں ۔ ان زمینداروں کو بالصراحت یکے بعد دیگرے تفصیل سے بتلایا گیا ہے ۔ اسلئے ضمن ۲ کے بعد جو کچھ پیش شده ترمیمات باقی رہ جاتی ہیں اور جو حذف کرنے کے سلسله میں ہیں وہ بے معنی ہوجائینگی ۔

دفعه ۴ کو ہم نے منظور کرلیا ہے اسلئے اب وہ زیربحث نہیں آئیگا ۔ اس میں ہم یه بتلاچکے ہیں که انعامدار کو ساڑھے چار گونا دینا چاہئے ۔ اگر اسکے قصبه میں ساڑھے چار گونا نہیں ہے تو وہ تین فیملی ہولڈنگ کے حد تک قولداروں سے لےسکتا ہے ۔ اسکی ترتیب بھی بتلائی گئی ہے که کس ترتیب سے واپس لیگا ۔ اس لحاظ سے دفعه ۴ میں واپس لینے کا طریقه پیش کیا گیا ہے اسلئے یہاں اسکے خلاف ترمیم پیش کرنے سے کچھ فائده نہیں ہے ۔

ایک اعتراض اس سلسله میں یه بھی کیا گیا ہے که جب قولداروں سے زمین واپس لیجاتی ہے تو کیوں انکو معاوضه نہیں دیا جاتا ۔ اعتراض بالکل صحیح ہے ۔ قولداروں سے کسی اور غرض سے لیتے ہیں یا کسی اور دوسرے شخص کو دلاتے ہیں تو معاوضه دینا چاہئے ۔ ہم نے یه صورت رکھی ہے لیکن قولدار سے انعامدار واپس لیتا ہے یا اس کو واپس دلانے کی ضرورت ہوتی ہے تو اسکے لئے ہم معاوضه نہیں رکھے ۔ یہی اصول ہم نے ٹیننسی ایکٹ میں بھی مانا ہے ......

شری اے ۔ راج ریڈی :— جب آپ حق مانتے ہیں تو معاوضه کیوں نہیں رکھے ؟

شری کے ۔ وی ۔ رنگاریڈی :— کیوں نہیں رکھے اس کے پوچھنے کا وقت اب نہیں ہے ۔ ٹیننسی ایکٹ کے وقت بحث ہوئی اور اسکے معقول جوابات بھی دئے گئے ۔ میں یه کہتا ہوں که قولداروں کے افادہ کیلئے انعامداروں پر سختی ہوئی ہے ۔ موجودہ احکام کے لحاظ سے جب انعام برخاست کیا جاتا ہے تو پوری اراضی انعام کا پٹه انعامدار کے نام کرنا چاہئے ۔ یه موجوده احکام ہیں ۔ اگر آپ انعام کو برخاست کرنا چاہتے ہیں تو کل زمین کا پٹه انعامداروں کے نام کرنا چاہئے ۔ لیکن اب ہم کل زمین کا پٹه انعامدار کے نام نہیں کررہے ہیں بلکه اسکے لئے ۲۰ گونا زر مالگزاری لیکر صرف ساڑھے چار گونا فیملی ہولڈنگ دے رہے ہیں ۔ اتنی سختی موجوده قانون میں رکھی جارہی ہے ۔ جہاں انعامدروں کو قولداروں سے پوری زمین لینے کا حق تھا وہاں صرف تین فیملی ہولڈنگ دلارہے ہیں ۔ یه اصول کے تحت ہے جس پر قانون لگانداری مبنی* ہے ۔ اسکے باوجود بھی جب وقت آئے گا تو آپ ہم دونوں متحد ہو کر ترمیم کرینگے ۔ اگر متحد نه ہوں تو ہم ترمیم کرنے کی کوشش کرینگے ۔ اسلئے پٹه دار کو جیسا معاوضه دینے کے لئے نہیں رکھا ہے ویسا ہی قولدار کیلئے معاوضه نہیں رکھا ہے جو بالکل صحیح ہے

ایک اور ترمیم ضمن (۲) کو کامل طور پر حذف کرنے کے لئے ہے ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ انعامدار کو جو زمین دلاتے ہیں اسکا معاوضہ کیوں قولداروں کو نہیں دلاتے اور دوسری طرف یہ کہتے ہیں کہ ضمن (۲) کو حذف کیا جائے ۔ یہ دونوں چیزیں ایک دوسرے کے متضاد ہوجاتی ہیں ۔ جہاں انعامدار کو دینے کا مسئلہ ہے اسکے لئے ہم نے پہلے ہی بتلایا ہے کہ اسکو معاوضہ دینے کے معقول وجوہ ہیں لیکن فاضل زمین لیتے ہیں تو انعامدار کو معاوضہ نہیں دیتے ۔

معاوضہ کے تعلق سے بھی مختلف چیزیں پیش کیگئی ہیں ۔ زرمالگزاری کا ۴۰ فیصد یا بازاری قیمت کا ۴۰ فیصد جو بھی کم ہو ۔ اسکے بجائے مالگزاری کا ۱۰ گونا رکھنا چاھئیے یہ ترمیم آئی ہے اور دوسری ترمیم تری کیلئے مالگزاری کا ۳ گونا ۔ یہ ترمیم موو نہیں ہوئی اسلئے میں اسکو چھوڑدیتا ہوں ۔ لیکن جو ترمیم باقی ہے اسکے متعلق کہنا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ پہلے ہم سے کچھ سہو ہوا ۔ ہم نے تری اور خشکی کیلئے ایک ہی معاوضہ مشخص کیا تھا ۔ دفعہ ۶ کے ضمن میں ہم نے اس فروگذاشت کو محسوس کرکے تری اور خشکی کیلئے علحدہ مقرر کیا ہے ۔ اس معاوضہ کیلئے بہت شدومد سے بحث کیگئی ہے لیکن قانون لگانداری کو سامنے رکھتے تو شائد یہ بحث نہ کیجاتی ۔ قانون لگانداری میں تری کیلئے ۲۴ گونا معاوضہ ہے ۔ آپکے قول کے لحاظ سے ۲۴ ہی مانتا ہوں ۔ جب ۲۴ ہی ہے تو بھی ۷۵ کا $\frac{1}{3}$ ۲۵ ہوتا ہے ۔ ہم نے ۲۵ رکھا ہے اسلئے تری کے لئے ۹ رکھا ہے ۔ پہلے تری اور خشکی دونوں کے لئے ۲۵ رکھے تھے ۔ اسطرح دفعہ ۷ میں جس پر اب بحث ہو رہی ہے ۴۰ گونا خشکی کے لئے ہے اور تری کے لئے ۱۳ گونا یعنی ۱۳ کا ۳ گونا ۳۹ ہوتا ہے اس لحاظ سے تینوں کے لئے $\frac{1}{3}$ ہم نے رکھا ہے ۔ یہ واجبی ہوتا ہے ورنہ بازاری قیمت رکھنے سے مقدمہ بازی بڑھجاتی ہے اس وجہ سے دفعہ ۶ میں بھی مقابلہ کے بجائے بازاری قیمت کو ترجیح دی ۔ ۴۰ گونا یا ۲۵ دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہو مقدمہ بازی کو ختم کرنے کے لئے رکھا ہے ۔ لیکن اسکے باوجود یہ کہا گیا ہے کہ مقدمہ بازی ختم نہیں ہوتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قولداروں اور انعامداروں دونوں کو پیسے کی مساوی خواهش ہوتی ہے ۔ قولدار کو جو بھی قیمت بتلائی جائے وہ فوراً قبول نہیں کریگا کیونکہ وہ بھی چاہتا ہے کہ کم سے کم معاوضہ ادا کرے ۔ اگر مالگزاری کے حساب سے قیمت ۴۰ روپیے ہوتی ہے اور بازاری قیمت اس سے کم ہونے کا امکان ہے تو وہ برابر بازاری قیمت دینے کا عذر کریگا ۔ کیا بازاری قیمت اس سے زیادہ ہو تو وہ راضی ہو جائیگا ؟ تب تو بدرجہ اولی ہمارے اس بل کو منظور کرنا چاهئیے ۔ آپکا اعتراض اس وقت ہوسکتا ہے جبکہ اعتراض کرنے امکان رہے ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ مقدمہ بازی نہو ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ۶۰ فیصد ۴۰ فیصد ۲۵ فیصد وغیرہ جو کچھ بھی رکھا گیا ہے وہ اس سے بڑھکر نہیں ہے تو ان غریب قولداروں کو مقدمہ بازی کی

پریشانی سے نجات دلانے کے لئے اسکو خوشی سے قبول کرنا چاهئے - ورنه اگر هم یه رکھتے که دونوں میں سے جو کم هو وه دینا چاهئے تو آپکی طرف سے یه اعتراض هوتا که غریبوں کو مقدمه بازی میں مبتلا کر رہے هیں - چنانچه ٹیننسی ایکٹ میں آپکی طرف سے ایسا اعتراض کیا گیا تها مجھے اچھی طرح یاد ہے - پیدا وار کا ⅓ رنٹ قرار دینا چاهئے اسپر اعتراض هوا تها - غرض اگر آپ اس نیت سے ترمیم پیش کئے هیں که اس میں تبدیلی هونا چاهئے تو اس کا جواب نہیں ہے - اگر آپ قولدار کو فائده پہنچانے کے لئے اعتراض کر رہے هیں تو اسکا جواب میں نے دیا ہے که مقدمه بازی سے بچانے کے لئے هم یه رکھے هیں - چنانچه هم نے غیر محفوظ قولداروں کے لئے ٦٠ گونا - محفوظ قولداروں کے لئے ٤٠ گونا پرمیننٹ ٹیننٹ کے لئے ٢٥ گونا رکھا ہے - ورنه ٹیننسی میں اسقدر معاوضه قولدار سے لینا آپ کیسے جائز سمجھتے هیں اور اس قانون میں اتنا کم رکھنے کے باوجود زیاده کیوں سمجھتے هیں - میں سمجھتا هوں که اگر هم اس سے بهی کم رکھتے مثلا اس کا آدها یعنی ٦٠ کے بجائے ٣٠ - ٤٠ کے بجائے ٢٠ اور ٢٥ کے بجائے ١٥ رکھتے تب بهی اعتراضات هوتے - اگر اعتراض اس خیال سے کئے جائیں که قولدار کو فائده پهنچے تو وه ٹهیک هوتا لیکن اس قسم کا اعتراض نہیں ہے اسلئے میں سمجھتا هوں که یه ترمیمات منظور نه هونے چاهئیں -

اسکے بعد میری ایک ترمیم ہے- " یا زمین کی بازاری قیمت کا چالیس فیصد جوبهی کم هو " کے الفاظ حذف کئے جائیں -

شری ایل - این - ریڈی :- منسٹر صاحب کا امنڈمنٹ - امنڈمنٹ کے طورپر فارملی موو (Formally move) هونا چاهئے -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :- شائد آپ توجه نہیں کئے -

شری ایل - این - ریڈی :- میری تقریر کے بعد اسپیکر صاحب اسکی صراحت فرمائے هیں لیکن وه موو نہیں هوا -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :- میں موو کردیا هوں - اگر آپ اسکا پهر جواب دینا چاهتے هیں تو اسکو تحریک سمجھکر جواب دیجئے -

شری اے - گروا ریڈی :- همکو جهاں تک معلوم ہے وه امنڈمنٹ موو هی نہیں کیا گیا - جناب اسپیکر صاحب ایک مرتبه اسکو پڑهکر سنائے -

شری کے - وی - رنگاریڈی :- میں اسکو تحریراً بهی دیا هوں موو کرنے سے زیاده سے زیاده آپکو جواب دینے کا حق ملتا ہے - اگر آپ کچھ کہنا چاهتے هیں تو اسپیکر صاحب

کی اجازت ہے کہہ سکتے ہیں - ۴۰ گونا زر مالگزاری کا خشکی اراضیات کے لئے اور ۱۳ گونا تری ارضیات کے لئے اضافہ کیا جائے یہ اسنڈمنٹ ٹو اسنڈمنٹ میں نے پیش کیا تھا - کیونکہ پہلے معاوضہ کے تعلق سے خشکی اور تری دونوں کے لئے ۴۰ گونا ہوگیا تھا - وہ چیز اب باقی نہیں رہتی - بلکہ خشکی کے لئے ۴۰ گونا اور تری کے لئے ۱۳ گونا ہو جاتا ہے یہ ترمیم منظور ہونی چاہئے -

شری اے - گروا ریڈی :— اگر ٹیننٹس انعامدار کو پیسے دیکر زمین خرید لئے ہیں تو انکا کیا حشر ہونے والا ہے ؟

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :— میں نے سنا ہے کہ ممبر انچارج آف دی بل فارملی اسنڈمنٹ موو نہیں کئے ہیں - اب وہ فارملی موو کریں -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— " یا زمین کی بازاری قیمت کا چالیس فیصد جو بھی کم ہو "کو حذف کیا جائے ......

شری کے - اننت ریڈی :— یہ امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ نہیں ہے بلکہ نیا امنڈمنٹ ہے-

Mr. Deputy Speaker :—Yes Exactly.

یہ امنڈمنٹ ٹو امنڈمنٹ نہیں ہے -

Shri K. Ananth Reddy : But the point is can he move an amendment at this stage?

Mr. Deputy Speaker : I allow him.

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— سب کلاز (۳) میں ۴۰ گونا زر مالگزاری کے بعد " خشکی اراضیات کے لئے اور ۱۳ گونا تری اراضیات کے لئے " کا اضافہ کیا جائے-

Mr. Deputy Speaker : Amendment moved.

شری اے - گروا ریڈی :— ایک پوائنٹ (Point) کلاریفائی (Clarify) نہیں کیا گیا ہے - ابتک جو ٹیننٹس انعامداروں کو پیسہ دیکر زمین خریدے ہیں ان کا کیا ہوگا -

(Pause)

Mr. Deputy Speaker : Probably he does not want to reply. The question is :

"That in lines 3 and 4 of sub-clause (1), omit 'as may be left over after the allotment under Section 4".

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

" That in line 5 of sub-clause (1), omit 'and cultivates personally ".

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"Omit sub-clause (2)".

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That in lines 3 and 4 of sub-clause (3), omit: 'or forty per cent of the market value of the land, whichever is less ".

The motion was adopted.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That in sub-clause (3) of Clause 7, after the words 'forty times the land revenue' insert the words: 'for dry lands, and thirteen times the land revenue for wet lands ".

The motion was adopted.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That Clause 7, as amended, stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 7, as amended, was added to the Bill.

Clause 8

Shri A. Gurva Reddy: I beg to move:

"That in lines 3 and 4 of sub-clause (1), omit: 'as may be left over after the allotment under section 4 ",

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

Shri B. D. Deshmukh: I beg to move :

"That in line 6 of sub-clause (1), omit: 'and cultivates personally' ".

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

Shri Katta Ram Reddy: I beg to move:

"Omit the proviso to sub-cluase (1)."

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

Shri Ch. Venkatrama Rao (Karimnagar): I beg to move:

"Omit sub-clause (2)".

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

Shri M. Rami Reddy (Wanparthi): I beg to move:

"That in lines 3 and 4 of sub-clause (3), for 'sixty times the land revenue or sixty per cent of the market value of the land whichever is less', substitute 'five times the land revenue for wet lands and twenty times the land revenue for dry lands'."

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

Shri Devi Singh Chauhan: Mr. Speaker, Sir, I wish to move my amendment. No. 3.

Mr. Deputy Speaker: That has already been moved by Shri Katta Ram Reddy in whose name it is also standing and so it need not be moved now. But what about amendment No. 10 standing in the name of the hon. Member ?

Shri Devi Singh Chauhan: I do not wish to move it.

Shri Uddhavarao Patil: I do not wish to move parts (*a*) and (*c*) of my amendment, because similar amendments have already been moved by other Members. I shall move part (*b*). I beg to move:

"That in line 3 of the proviso to sub-clause (1), for '1950' substitute '1951'.

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

شری کے ـ وی ـ رنگا ریڈی :ـــ (الف) سطر ۲ ضمن (۱) دفعه ۸ میں الفاظ ''مر کوز ھونے کی تاریخ سے تابع دفعه ۳۷ حیدرآباد ٹیننسٹی اینڈ اگریکلچرل لینڈس ایکٹ بابته سنه ۱۹۵۰ع '' درج ھونگے ـ

(ب) ضمن (۱) کی شرط کو حذف کیا جائے ـ

(ج) سطر تین اور چار ضمن (۳) میں الفاظ '' یا زمین کی بازاری قیمت کا ۶۰ فیصد جو بھی کم ھو '' حذف کئے جائیں ـ

(د) سب کلاز (۳) میں الفاظ ۶۰ گونا زر مالگزاری کے بعد الفاظ '' خشکی اراضیات کے لئے اور ۲۰ گونا اراضیات تری کے لئے '' اضافه کئے جائیں ـ

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

شری اے ـ گرواریڈی :ـــ مسٹر اسپیکر سر ـ نان پروٹکٹڈ ٹیننٹس کے لئے رجسٹریشن کا جو حق دیا گیا ھے اس میں زمین باقی بچنے پر لیجانے کی شرط ھے ـ میں سمجھتا ھونکه یه ٹیننٹ کے ساتھ سخت نا انصافی ھے ـ انعامداروں کو جو کئی سال سے فائده اٹھا رھے تھے مزید معاوضه دلایا جا رھا ھے لیکن ٹیننٹس کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جا رھی ھے ـ اسلئے ساڑھے چار فیملی ھولڈنگس بنانے کے لئے نان پروٹکٹڈ ٹیننٹس سے جو معاوضه لیا جا رھا ھے اسکی وجه سے اکثر نان پروٹکٹڈ ٹیننٹس ایوکٹ ھونے کے امکانات ھیں ـ اسلئے میں چاھتا ھوں که اسکو حذف کیا جائے ـ

اسی طرح سے ''کلٹیویٹس پر سنلی (Cultivates personally) کی جو ترمیم ھے اسکو بھی نکالدیا جائے تو اسکا پٹه ساڑھے چار فیملی ھولڈنگس سے بڑھ جانے کا امکان ھے ـ اگر اسکے قبضه میں تین فیملی ھولڈنگس ھیں اور ڈیڑھ فیملی ھولڈنگ پر وه کاشت کرتا ھے تو اسکے تحت پٹه ھوگا ـ لیکن ''کلٹیویٹس پرسنلی '' اس میں رکھا جائے تو ڈیڑھ فیملی ھولڈنگ جو ٹیننٹ کے قبضه میں ھے اسکا حساب نہیں کیا جائے ـ ساڑھے چار فیملی ھولڈنگس بنانے کے لئے جو نان پروٹکٹڈ ٹیننٹس ھیں ان سے زمین لی جائیگی ـ اسلئے اسکو بھی نکالدیں ـ

* شری بی ـ ڈی ـ دیشمکھ :ـــ مسٹر اسپیکر سر ـ دفعه ۸ میں میری جو ترمیم ھے وه اس حدتک ھے که اس دفعه کی سطر ۶ سب کلاز ۱ میں سے الفاظ '' اینڈ کلٹیویٹس پرسنلی '' (And Cultivates personally) کے جو الفاظ ھیں انکو حذف کرنا چاھئیے ـ اس وجه سے که دفعه ۴ میں انعامدار کو قابض کی حیثیت سے جو زمین

ملیگی اوسکی رجسٹری کے بعد جو زمین باقی رهیگی اوس زمین پر نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹس
کو کیا حقوق حاصل هونگے اسکی وضاحت کی گئی ہے - مابقی زمین جو دفعہ ۴ کی تکمیل
کے بعد رهیگی اوس زمین کو ساڑھے چار فیملی هولڈنگ کے تعین کرنے میں جو حساب
لگایا جائیگا اس میں مقبوضہ اراضی اور پرسنل کاشتکار اور ٹیننٹ کے خانگی زمینات کو
شامل کرنے کے بعد باقی زمین کا ؤنٹ (Count) کی جائیگی - یہ دفعہ هاؤز
کے سامنے دو بارہ رکھنا چاهتا هوں -

8 (1) Every non-protected tenant shall, with effect from the date of vesting be entitled to be registered as an occupant of such inam lands in his possession, as may be left over after the allotment under section 4....

یعنی سکشن ۴ کے تحت انعامدار کی ساڑھے چار فیملی هولڈنگ وضع هونے کے بعد جو
زمین اوسکے قبضہ میں رهیگی -

"....which, immediately before the date of vesting were under his personal cultivation and which, together with any lands he separately owns and cultivates personally, are equal to four and a half times the 'family holding'...."

تو مطلب یہ هوا کہ قابض کی جو زمینات هیں انکو اس حساب میں محسوب کرنا چاهتے
هیں - یہاں دوسرے زمینات کو شامل نہیں کرنا چاهئے اس خیال کے مد نظر ان الفاظ کو
حذف کرنے کی هم نے خواهش کی هے - کیونکہ ایسا نہ کریں تو وہ زمینات بھی حساب
میں محسوب هو جائینگے اور نتیجہ یہ کہ دوسرے قابضین اراضی کے حقوق متاثر هونگے -
اسلئے میں سمجھتا هوں کہ هماری اس معمولی سی ترمیم کو هاؤز قبول کریگا -

Shri Devi Singh Chauhan : I would submit that the hon. Minister has moved two amendments and he should explain his amendments. It would then be better if other hon. Members express their views in the light of the explanation given by the hon. Minister. Therefore, I request that the Member-in-charge of the Bill, who has also moved amendments, should be requested to explain his amendments.

Mr. Deputy Speaker : I think we should follow the serial order in the list of amendments.

Shri Devi Singh Chauhan : Our discussion would depend on the view points contained in the amendments moved by the Member-in-charge. Therefore, we would be in a better position to understand the amendments and express our opinion, if the mover of the amendments explains them first.

شری ی - ڈی - دیشمکھ :— اگر وہ اپنی ترمیم پیش کریں تو اسپر اعتراض نہیں ھے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :— آپ اپنی ترمیم کی حد تک وضاحت کریں تو مناسب ھوگا -

شری کے - وی - رنگا ریڈی :— مسٹر اسپیکرسر - میری پہلی ترمیم یہ ھے کہ سکشن ۳۷ ٹیننسی اینڈ اگریکلچرل لینڈس ایکٹ سنہ ۱۹۵۰ع میں جو احکام ھیں اوسکی پابندی کرنے کی شرط اس میں عائد کی گئی ھے - میری ترمیم کے الفاظ کو رکھنے سے

[*Shrimati Masooma Begum* (*Chairman*) *in the Chair*]

ھوگا یہ کہ غیر محفوظ لگاندار کے نام کن اراضیات کا پٹہ کرنا چاھئے اسکا تعین ھو جاتا ھے - اس بحث کو تسلیم کرنے کے لئے ھم نے یہاں احکام وضع کرنے کی بجائے یہ قرار دیا کہ ٹیننسی ایکٹ کے تحت جتنے اراضیات کا پٹہ ھوسکتا ھے اون ھی احکام کی بنیاد کے لحاظ سے پٹہ کرنا چاھئے - اسلئے دفعہ ۳۷ کا حوالہ دیا گیا ھے - اسی لئے ضمن ۱ کی شرط کو حذف کرنے کے لئے یہ ترمیم پیش کی گئی ھے کہ ''کوئی غیر محفوظ لگاندار جسکو انعامدار نے ۱۰ - جون سنہ ۱۹۵۰ع کو قبضہ دیا ھے بجز اسکے کہ اراضی کے جملہ حالات کی جانچ کے بعد اور طور پر تصفیہ کیا گیا ھو '' - یہ شرط پہلے بل میں اس وجہ سے تھی کہ اگر اسکا قبضہ ۱۰ - جون سے پہلے کا ھے تو اسکے اراضیات کا پٹہ ھوسکتا ھے یہ قولدار کے حق میں زیادتی ھوگی کہ ۱۰ - جون کے پہلے کا قبضہ ھو تو پٹہ کر دیا جائے ورنہ نہیں کرنا چاھئے - یہی نتیجہ برآمد ھوتا ھے - اس وجہ سے اس ضمن کو حذف کیا گیا ھے - تاکہ غیر محفوظ قولدار کا قبضہ ۱۰ - جون سنہ ۱۹۵۰ع کے پہلے سے ھو یا نہو ھر حالت میں اس دفعہ کے احکام کی روسے استفادہ کرنا چاھئے - یہ وہ اصول ھے جسکو دفعہ ۶ - ۷ میں بیان کیا گیا ھے - مقدمہ بازی سے بچانے کے لئے ھم نے یہ رکھا ھے تاکہ زر مالگزاری یا بازاری قیمت کے جھگڑوں میں نہ پڑیں - یہ تو پہلی ترمیم کے متعلق ھوا -

اب دوسری ترمیم یہ ھے کہ تری اور خشکی زمینات کے لئے زر مالگزاری کا ۶۰ گونا رکھا گیا تھا - اگر ۱۰ روپیہ مالگزاری مقرر ھوتو اوسکا ۶۰ گونا چھ سو روپیہ ھو جاتے ھیں اور اسکا ۹۰ گونا نو سو روپیہ ھو جاتے ھیں جو ٹھیک نہ تھا - اسلئے خشکی اور تری دھارے کو علحدہ کیا گیا ھے - ۶۰ گونا زر مالگزاری کا خشکی اراضیات کے لئے اور ۲۰ گونا تری اراضیات کے لئے اضافہ کرنے کی ترمیم پیش کی گئی ھے - میں خواھش کرونگا کہ میری ان ترمیات کو منظور کیا جائے -

* شری کٹھ رام ریڈی :— مسٹر اسپیکرسر - کلاز ۸ میں مختلف ترمیات آئی ھیں ان ترمیات کا مقصد صاف ھے کہ ھمارے نقطۂ نظر سے جو پریولیج (Privilege) انعامدار کو حاصل ھے اور اسکو جو اکوپینسی رائیٹس (Occupancy Rights) حاصل ھیں اونکی مناسبت سے ھم نے امنڈمنٹس پیش کئے ھیں - چنانچہ امنڈمنٹ نمبر (۱) میں

"as may be left over after the allotment under Section 4"

چنانچہ ٹیننسی ایکٹ میں اسی نقطۂ نظر سے کہ انعام ایک رائیٹ (Right) ھے اور کانسٹی ٹیوشن مانع ھے اسلئے معاوضہ دینے کا لزوم رکھا گیا ھے - اور اسی لئے

ٹیننٹ کے مقابلہ میں انعامدار کو پٹہ دینے کا تصور رکھا گیا ہے - ہم یہ کہنے ہیں کہ جو تصور حکومت کا ہے اور جو واسطہ کانسٹی ٹیوشن کا بلا وجہ پیدا کرلیا گیا ہے وہ غلط ہے - انعامدار کو اوسکے رائیٹس کہکر جو حقوق دے رہے ہیں اور جو امنڈمنٹ لا رہے ہیں وہ صحیح نہیں ہے - بلکہ یہ جو امنڈمنٹ رکھا گیا ہے کہ

As may be left over after the allotment under section 4.

اور دوسرا امنڈمنٹ " اینڈکلٹیویٹس پرسنلی " (And cultivates personally) جو ہے وہ اس نقطہ نظر سے ہے کہ جب تک انعامدار کے قبضہ میں تین فیملی ہولڈنگ ہوتو ٹیننسی ایکٹ کے لحاظ سے بیدخل نہیں کرسکتے اسلئے پرسنلی کے الفاظ ضافہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے - لیکن اس میں پرنسپل کیا ہے - اسپر آنریبل منسٹر نے غور نہیں کیا ہے - چنانچہ ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ انعامدار سے ایک کلٹیویٹر نے خرید لیا ہو - لیکن آنریبل منسٹر نے اسکا جواب دینے کی کوشش نہیں کی -

اس ایکٹ کے نفاذ کے وقت غریب کسانوں کو جو پریشانیاں ہونگی وہ آپکے سامنے ہم لا رہے ہیں - ہمارا مقصد یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں کو اراضی میسر آئے - اسلئے ان الفاظ کو اومٹ (Omit) کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے

تیسرے امنڈمنٹ کو آنریبل موور نے تسلیم کرلیا ہے - شائد امنڈمنٹ کو دیکھنے کے بعد انہیں مناسب معلوم ہوا - اس میں دو مضمرات ہیں شائد یہ امنڈمنٹ ٹریژری بنچس کے ایک ممبر کی جانب سے بھی پیش ہوئی ہے اسلئے قبول کرلیا گیا ہے یا واقعی اسکو واجبی سمجھکر قبول کیا گیا ہے - لیکن آنریبل ممبر انچارج نے کچھ اس نہج سے کہا کہ میں نے اسپر بہت غور کیا جب آپ نے اس پر بہت غور کیا تو پھر کیسے چھوٹ گیا تھا - قانون کو بناتے وقت ہر چیز پر سنجیدگی کےساتھ غور کرنا چاھئے - یہ قانون کسی ایک آنریبل ممبر پر حاوی ہونے والا نہیں ہے بلکہ عوام پر اسکا اطلاق ہونے والا ہے - یہ تصور صحیح نہیں ہے کہ ہمیں کافی تجربہ ہے اور ہم جو کچھ کرتے ہیں ٹھیک کرتے ہیں -

اسکے بعد اس میں مارکٹ ویالیو اور کامپنسیشن کے سلسلہ میں امنڈمنٹس ہیں - اس سلسلہ میں میں عرض کرونگا کہ ٹیننسی ایکٹ کو منظور ہوکر چھ مہینے ہوئے ہیں اس چھ مہینے میں مارکٹ کی کیا حالت ہوگئی ہے - حالات کے لحاظ سے ضرورت ہوتو ٹیننسی ایکٹ میں بھی ترمیم لاسکتے ہیں - لیکن جو باتیں یہاں کہی جا رہی ہیں ان باتوں سے کوئی فائدہ عوام کو ہونے والا نہیں ہے - آنریبل موور ۶۰ ٹائیمس آف دی لینڈ ریوینیو (60 times of the land revenue) بہت آسان بات سمجھ رہے ہیں - کیا معمولی سی بات ہے ۶۰ ٹائیمس آف دی لینڈ ریوینیو - آنریبل موور آف دی بل شائد اپنے نقطۂ نظر سے اسکو ٹھیک سمجھ رہے ہیں لیکن میں یہ کہونگا کہ اسکی وجہ سے چاہے کسی کے پاس کم اراضی ہو یازیادہ (۶۰) ٹائیمس دینے کا کمپلشن (Compulsion) ہو جائیگا - آپ جو قانون بنا رہے ہیں اوسکی وجہ سے سب کے لئے ایک ہی مقرر کر رہے

ھیں - اس کے لئے سھل طریقه تو یه ھوتا که کم از کم رکھا جاتا - (۶۰) ٹائمس جو رکھا گیا ھے وہ غلط ھے - قانون بنانے وقت ھمارا نقطۂ نظر یه ھونا چاھئے که اوس میں عوام کے زیادہ سے زیادہ فائدہ کی گنجائش ھو - زیادہ پیچیدگیاں اس میں نه رھیں - بعض علاقے ایسے ھیں جہاں (۲۵) روپیه میں اراضی مل سکتی ھے - لیکن اگر آپ نے ایک ھی ریٹ مقرر کردیا تو اس اراضی کے لئے بھی (۶۰) روپیه ھی ادا کرنا ھوگا - اس میں شک نہیں که آنریبل موور آف دی بل کافی معمر اور تجربه کار ھیں لیکن زمانه کی رفتار کو نہیں سمجھتے - آج سے چھ ماہ پیشتر دھان کی قیمت دو سو روپیه فی پله تھی آج (۱۴۰) روپیه میں بھی کوئی نہیں لیتا - آنریبل سپلائی منسٹر کہتے ھیں که ھمارے پاس گنجائش نہیں ھے - آج کل غله کی قیمتیں گھٹ رھی ھیں - اس لئے چھ مہینے پہلے ٹیننسی ایکٹ میں جو رکھا گیا تھا اوس کے متعلق قسم کھا لینا که وھی ریٹ یہاں بھی رکھینگے یه غلط ھے - آج کے حالات کو دیکھنا ضروری ھے - اس لئے میں یه کہونگا که ھماری جانب سے جو امنڈمنٹس پیش کئے گئے ھیں اون کو منظور کرلیا جائے یه نه سمجھیں که ھم کو تجربه کم ھے بلکه یه دیکھیں که امنڈمنٹ میں کیا اثرات مضمر ھیں - اس کے ساتھ پبلک کے فائدہ کے لئے بھی غور کریں -

* شری ایل - این - ریڈی :— جو ترمیم اس دفعه میں پیش ھوئی ھے میں اوس پر اظہار خیال کرنا چاھتا ھوں - منسٹر صاحب نے اس میں پراویژو (Proviso) کو حذف کرنے کے لئے جو امنڈمنٹ پیش کی ھے وہ بہت اچھی ھے - وہ کاشتکاروں کے حق میں فائدہ مند ھے - اور اسکی وجه سے قانونی پیچیدگیاں رفع ھو جاتی ھیں - کیونکه قانون لگانداری میں ایک تاریخ ۱ - جون سنه ۱۹۵۰ع مقرر کی گئی ھے اگر کوئی شخص اس تاریخ کے پہلے سے قابض ھوتو اوسکی حیثیت پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کی ھو جاتی ھے - اگر یه پراویژو ویساھی رھتا تو ویسے پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کی اراضیات کے متعلق پٹه کرنے یا نه کرنے کا کلکٹر صاحب کو اختیار رھتا - ۱ - جون سنه ۱۹۵۰ع کی تاریخ کا تعین کرنے کی وجه اس کے بعد کے جو پروٹکٹیڈ ٹیننٹس ھونگے اون کے حقوق اس پراویژو کی وجه سے غصب ھو رھے تھے - اور قانون میں جو کنٹراڈکشن (Contradiction) پیدا ھو رھا تھا وہ اس پراویژو کو نکالنے کی وجه سے دور ھوگیا ھے - اور کلکٹر صاحب کے اختیار میں یه جو چیز تھی که سنه ۱۹۵۰ع کے بعد کے ٹیننٹس کو پٹه دینا چاھئے یا نہیں دینا چاھئے وہ اختیار بھی دور ھوگیا - اور اس پراویژو کو نکالنے سے اس امر کا یقین ھوگیا ھے که نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کو ساڑھے چار فیملی ھولڈنگ انعامی اراضی نکالدینے کے بعد بقیه اراضی مل جائیگی -

اس کے بعد ملٹی پلس کا سوال آتا ھے - ٹریژری بنچس کے آنریبل ممبرس نے یه چیز بڑی شد و مد کے ساتھ کہی که قانون قولداری کے تحت قابضین کو جو سہولتیں دیگئی ھیں اون سے زیادہ سہولتیں ھم اس قانون کے تحت دے رھے ھیں - میں اس کی بحث نہیں کرتا که یه بحث صحیح اصولوں پر ھے یا نہیں - قانون قولداری میں قولدار کے لئے پروٹیکشن دینا چاھئے یا نہیں اس بات سے قطع نظر کرکے دلائل پیش کئے

جا رہے ہیں - اس میں دو چیزیں ہیں ایک تو یہ کہ رنٹ کے لحاظ سے قیمت مقرر ہوگی لیکن لازمی طور پر میگزیمم ملٹی پلس ہی ہونگے - اگر کوئی محفوظ قولدار ایک گونا یا دو گونا مالگزاری دینے والا ہے تو اوس سے آپ پندرہ گونا سے زیادہ طلب نہیں کرسکتے - حساب کرکے دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ جہاں دو گونا یا سہ گونا ہو وہاں (۳۰) (۳۵) میگزیمم ہوسکتا ہے - وہ بھی پندرہ گونا ہی طلب کرنا لازمی نہیں - دس بارہ گونا کا بھی مطالبہ ہوسکتا ہے - قولداری قانون کے وقت جب یہ مباحث پیش ہوئے تھے اون ہی حضرات نے اوس وقت یہ فرمایا تھا کہ یہ تو میگزیمم ہے ہر وقت یہ میگزیمم وصول کرنا ضروری نہیں ہے - اس سے نصف کا بھی مطالبہ ہوسکتا ہے - پورے کا پورا میگزیمم ہر وقت وصول کرنا ضروری نہیں ہے - لیکن یہاں جب انعام ابالیشن بل آتا ہے تو ہم کو یہی تسلی دینے کی کوشش کی جاتی ہے جس سے کوئی شخص مطمئن نہیں ہوسکتا - قولدار کے لئے سب سے بڑا پروٹیکشن یہ دیا گیا تھا کہ پٹہ دار اگر میگزیمم مطالبہ کرتا ہے تو اوسکو بازاری قیمت سے اتنے اتنے فیصد سے زیادہ نہیں دینا چاہئے - وہ سب سے بڑی گیارنٹی قولدار کو دیگئی تھی لیکن اس قانون میں وہ چیز حذف کردیگئی ہے - بازاری قیمت پر قولدار کو زمین دینے کا حق نہیں دیا جاتا - اس نکتہ کو نظر انداز کرکے یہاں یہ بنایا جا رہا ہے کہ قانون قولداری کے تحت تو (۶۰) یا (۷۵) گونا مقرر کیا گیا تھالیکن یہاں صرف (۴۰) گونا مقرر کیا جا رہا ہے - اس طرح ہم قولدار پر رحم کررہے ہیں - ہم اوس کو فیض پہنچا رہے ہیں - لیکن میں کہونگا کہ آپ اس پر قطعاً رحم نہیں کررہے ہیں - قولدار کو جو دوسری سہولتیں وہاں مل سکتی تھیں اون کو ہم یہاں ختم کررہے ہیں - آپ یہاں ایک فکسڈ (Fixed) قیمت مقرر کر رہے ہیں - اوس کا خریدنا یا نہ خریدنا قولدار کی مرضی پر تھا لیکن آپ یہاں اوسکو مجبور کر رہے ہیں کہ اوسی قیمت پر ہی اراضی کو خریدے - ٹیننسی ایکٹ کے تحت کسی پر جبر نہیں تھا لیکن اس قانون کے تحت ایک لزوم عائد کیا جا رہا ہے - وہاں تو یہ تھا کہ اگر پٹہ دار خریدنا چاہتا ہے تو وہ نوٹس دیگا اور اگر قولدار خریدنا چاہتا ہے تو وہ نوٹس دیگا - لیکن یہاں گورنمنٹ کی جانب سے قولدار کو مجبور کیا جا رہا ہے کہ وہ خریدے - چاہے اوس میں خریدنے کی استطاعت ہو یا نہ ہو - دوسری چیز یہ ہے کہ قانون قولداری کے تحت جو اصول قولداروں کے لئے معین کئے گئے تھے اون کو یہاں ملحوظ نہیں رکھا جا رہا ہے - وہاں تین فیملی ہولڈنگ تک اراضی حاصل کرنے کا اختیار پٹہ دار کو دیا گیا تھا - وہ چاہے تو قولدار سے زمین حاصل کرے یا حاصل نہ کرے - لیکن وہ اصول یہاں نہیں ہے - یہاں تو یہ ہے کہ تین فیملی ہولڈنگ کی حدتک قولداروں کو بیدخل کرائینگے اور انعامداروں کو دلائینگے - اور اوسکے بعد قانون کو عمل میں لائینگے - پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کے متعلق بھی ایک کلاز پاس کرلیگئی اوسکا نتیجہ کیا ہونے والا ہے میں نہیں کہہ سکتا - میں گدوال کی مثال دیتا ہوں کہ وہاں کی رانی صاحبہ کو اراضیات سیری سے (۴۸) ہزار روپیہ زر مالگزاری وصول ہوتی ہے - ان اراضیات پر سب کے سب پروٹکٹیڈ ٹیننٹس ہیں آپ اس قانون کے لحاظ سے اوس والئی سمستان کو ان ٹیننٹس سے ۲۰ لاکھ روپیہ دلائینگے -

اور وہاں جو ٹیننٹس ہیں اونکو آپ مجبور کرینگے کہ وہ اس آراضی کو اتنی ہی قیمت پر خرید لیں ۔ بشمول سمستان جو اور لوگ یہی اونکے انعامات ایک لاکھ زر مالگزاری کے ہیں اس طرح اگر حساب لگایا جائے تو معلوم ہوگا کہ گدوال کی رعایا سے والی سمستان کو ۹۰ لاکھ روپیہ دلوائینگے ۔ آئندہ اس قانون کے اسپلیمنٹیشن (Implementation) کے وقت کیا ہوگا اوس پر کچھ عرض نہیں کرونگا ۔ لیکن اتنا کہونگا کہ یہاں سکسٹی ٹائمس آف دی ملٹی پلس جو رکھا گیا ہے وہ ٹیننٹس کے حق میں بہت زیادہ ہے۔ آپ قانون قولداری سے بھی ایک اسٹپ آگے بڑھ رہے ہیں۔ آپ نے نان پروٹکٹیڈ ٹیننٹ کو بھی زمین خرید نے کا حق دیا لیکن اوسکے ساتھ ساتھ قیمت میں بھی سہولتیں دیتے تو اچھا تھا ۔ سکسٹی ٹائمس رکھنے کی وجہ سے وہ لوگ خرید نہیں سکینگے ۔ ان حالات میں میں عرض کرونگا کہ قیمتوں کو کم کرنے کے لئے جو ترمیات لائی گئی ہیں اون کو قبول کرلیا جائے ۔ ایک امنڈمنٹ یہ بھی پیش ہوئی کہ پرسنل کلٹیویشن میں جو اراضیات ہیں اون ہی اراضیات کو پٹہ کرتے وقت ملحوظ کرنا چاہئے ۔ مثلاً کسی کے پاس تین فیملی ہولڈنگ اراضی قبضہ میں ہے اور دیڑھ فیملی ہولڈنگ قولدار کے پاس ہے اور اوس انعامدار کے قبضہ میں دوسری اراضی بھی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ تین فیملی ہونڈنگ اوس کے قبضہ میں ہیں لیکن پھر بھی انعامی اراضی میں دیڑھ فیملی ہولڈنگ لیکر اوسکے نام آپ پٹہ کرینگے ۔

The House then adjourned till Half Past Two of the Clock on Tuesday, the 31*st August*, 1954.
